زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے

جولائی تا ستمبر ۲۰۲۱

اَلْقُدُّوْسُ اَلضَّارُ اَلْعَزِیْزُ اَلْقَوِیُّ اَلْاَوَّلُ اَلْبَاطِنُ اَلْمُمِیْتُ اَلْوَاحِدُ اَلْحَقُّ اَلْجَامِعُ اَلظَّاہِرُ اَلصَّمَدُ

اللہ

اَلْوَارِثُ اَلْآخِرُ اَلشَّہِیْدُ اَلْمُتَکَبِّرُ اَلْحَکَمُ اَلْعَدْلُ اَلْوَالِیْ اَلْقَادِرُ اَلْبَاقِیْ اَلْقَہَّارُ

اَلْمَالِکُ

اَلْکَبِیْرُ اَلْجَلِیْلُ اَلْحَسِیْبُ اَلْخَافِضُ اَلْفَتَّاحُ اَلْعَظِیْمُ اَلْمُتَوَفِّیْ اَلْعَلِیُّ

صفات باری تعالیٰ
(صفت المالک)

حفظ قرآن کی فضیلت

معرفت الٰہی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا
اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا
لَقَدْ نَصَرَکُمُ اللّٰہُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّۃٌ

امام جماعت احمدیہ

ایل۔ایس: 3418

تاریخ: 03.02.22

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ، ناروے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی طرف سے رسالہ زینب کا شمارہ اپریل تا جون، رپورٹ برائے ماہ نومبر، دسمبر 2021 بمعہ خطوط برائے دعا محررہ 23,21 جنوری 2022 موصول ہوئے۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔

الحمدللہ تمام شعبہ جات میں حسب توفیق کام کرنے کی توفیق ملی۔ شوریٰ تجویز کے تحت سورۃ البقرہ میں مذکور صفاتی ناموں کو اپنانے اور ان کے ذریعہ خدا کا قُرب حاصل کرنے کے عنوان پر مجالس میں اجلاسات منعقد کئے گئے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حجاب ڈے کے پروگرامز کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔ آمین۔ رسالہ زینب کی ٹیم کے علم، ایمان اور اخلاص میں ترقی دے اور قارئین کو رسالہ سے بھرپور استفادہ کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

تمام لجنہ وناصرات کو میرا محبت بھرا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ پہنچادیں۔

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

اداریہ

اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا اللہ تعالی کے بنیادی احکام میں سے ایک حکم ہے۔ قرآنِ کریم کے شروع میں اللہ تعالی نے نماز کے حکم کے ساتھ ہی فرمادیا:

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّارَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ (البقرہ :4)

اور وہ نماز کو قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی رضا اور اس کی خوشنودی حاصل کرنے لیے جہاں عبادت کرنا ضروری ہے وہاں اس کے دیے ہوئے پاکیزہ رزق میں سے اللہ کی خاطر خرچ کرنا بھی ضروری ہے اور یہی چیز ہے جس سے تزکیہ نفس بھی ہوتا ہے۔ اس کے نتیجے میں مال کی محبت کم ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کی محبت نصیب ہوتی ہے جیسا کہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں بھی ہوتا رہا۔ آپ ﷺ تحریک فرماتے تو صحابہؓ بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے تھے اور کیا مرد اور کیا عورتیں سب نے ہی اپنے مال خدا کی راہ میں پیش کیے۔ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ نے عورتوں میں تحریک فرمائی کہ دین کو مالی قربانی کی ضرورت ہے تو حضرت بلالؓ نے چادر پھیلا دی۔ وہ چادر عورتوں کے زیورات سے بھر گئی۔ اس نیک کام کے لیے عورتیں اُمڈی پڑتی تھیں، ایک دوسرے پر گرتی پڑتی تھیں کہ جو کچھ بھی ہے اللہ کے دین کے لیے پیش کر دیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ ”بے کار اور نکمی چیزوں کے خرچ کرنے سے کوئی آدمی نیکی کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ جب تک عزیز سے عزیز اور پیاری سے پیاری چیز کو خرچ نہیں کروگے، اس وقت تک محبوب اور عزیز ہونے کا درجہ نہیں مل سکتا۔ کیا صحابہ کرامؓ مفت میں اس درجہ کو پہنچ گئے جو انہیں حاصل ہوا۔ دنیاوی خطابوں کے لیے کس قدر تکلیفیں برداشت کرنی پڑتی ہیں، پھر کہیں جا کر ایک معمولی خطاب جس سے دلی اطمینان اور سکینت حاصل ہوتی ہے ملتا ہے۔ پھر خیال کرو رضی اللہ عنہم کا خطاب، جو دل کو تسلّی اور قلب کو اطمینان اور مولیٰ کی رضامندی کا نشان ہے کیا یونہی آسانی سے مل گیا؟ بات یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی رضامندی جو حقیقی خوشی کا موجب ہے حاصل نہیں ہو سکتی جب تک کہ عارضی تکلیفیں برداشت نہ کی جاویں“۔

(رپورٹ جلسہ سالانہ 1897 صفحہ 79)

پس ہم سب کو اس بات کے سمجھنے کی ضرورت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے غلامِ صادق نے اپنے ماننے والوں کے دل میں یہی انقلاب پیدا کیا کہ ان کے دلوں سے دنیا کی محبت اور جان و مال کی محبت ٹھنڈی پڑ گئی اور اللہ کی محبت میں جوش اور انقلاب پیدا ہوا جس کی وجہ سے اپنا سب کچھ خدا کی راہ میں قربان کر کے پہلوں کی طرح رضی اللہ عنہم کے انعام کے مستحق ٹھہرے۔

ہم سب جو اُنہی بزرگوں کی اولادیں ہیں، اب ہم نے قربانیوں کے اعلیٰ نمونے قائم کرنے ہیں اور اس بات کا خیال رکھنا ہے کہ ہم سے کہیں تغافل یا سستی نہ ہو۔ موجودہ زمانے میں ہر قسم کی آفات سے بچنے کے لیے بھی ضروری ہے کہ ہم اپنے اموال پہلے سے بھی زیادہ اس کی راہ میں پیش کر دیں اور اس کی رضا حاصل کرنے والے بنیں۔ جب ہم اپنے مال اس کی خاطر خرچ کریں گے تو وہ ہمارے گناہ بخش دے گا، ہمیں دکھوں سے بچائے گا اور ہمیں مزید نیکیوں کی توفیق ملے گی۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے بعد جو بھی اپنی اولاد یا اپنے گھر کے لیے خرچ کریں گے اس میں بھی بے انتہا برکت پڑے گی اور اس کا اجرِ عظیم نہ صرف اس دنیا میں بلکہ دونوں جہانوں میں وہ ہمیں عطا فرمائے گا۔ اللہ ہمیں توفیق دے کہ ہم اس کی راہ میں اپنی جان و مال قربان کرنے والے اور اس کی رضا حاصل کرنے والے بن جائیں۔ آمین ثم آمین

فہرست مضامین

القرآن الکریم	2
حدیث نبوی ﷺ	2
کلام الامام	3
نظم	4
سیّدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب	5
نظم	13
صفات باری تعالیٰ	14
رسول کریم ﷺ کے معمولات زندگی	18
معرفتِ الٰہی	21
حفظِ قرآن کی فضیلت	24
بابائے کیمیا جابر ابن حیان	27
پکوان	29
صحت کارنر	30
دھنک کے رنگ آپ کے سنگ	32
واقفات کارنر	34
اُمّ المؤمنین حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا	35
دعائیہ اعلانات	36
ناصرات کارنر	37

مجلسِ ادارت

امیر جماعت ناروے
محترم چوہدری ظہور احمد صاحب

صدر لجنہ اماء اللہ
محترمہ بلقیس اختر صاحبہ

نیشنل سیکرٹری اشاعت
منصورہ نصیر

نائبہ سیکرٹری اشاعت
صدیقہ وسیم

مدیرہ حصہ نارویجن
مہرین شاہد

پروف ریڈنگ حصہ اردو
عفیفہ نجم
طاہرہ زرتشت

گرافک ڈیزائنر
فاکہہ چوہدری
فریدہ ظہور
ضویا سامعہ شاہد
ماہم نعیم

پرنٹنگ
شمسہ خالد

شائع کردہ
شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ ناروے

Baitun Nasr Moské
Søren Bulls vei 1
1051 Oslo
kontakt@ahmadiyya.no

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہار حم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے

القرآن الكريم

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

ترجمہ: اپنے رب کو عاجزی کے ساتھ اور مخفی طور پر پکارتے رہو۔ یقیناً وہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد نہ پھیلاؤ اور اُسے خوف اور طمع کے ساتھ پکارتے رہو۔ یقیناً اللہ کی رحمت احسان کرنے والوں کے قریب رہتی ہے۔

(الاعراف:56 – 57)

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾

ترجمہ: وہی زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس اُسی کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے اُسے پکارو۔ کامل تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا ربّ ہے۔

(المؤمن:66)

حدیث نبوی ﷺ

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَّسْتَجِیْبَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْکُرَبِ فَلْیُکْثِرِ الدُّعَاءَ فِی الرَّخَاءِ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تکالیف کے وقت اس کی دعاؤں کو قبول کرے تو اسے چاہیے کہ فراخی اور آرام کے وقت بکثرت دعا کرے۔

(حدیقۃ الصالحین، ایڈیشن 2003ء، صفحہ 136)

کلام امام الزّماں علیہ الصلوٰۃ والسلام

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

"اگر دعا نہ ہوتی تو کوئی انسان خداشناسی کے بارہ میں حق الیقین تک نہ پہنچ سکتا۔ دعا سے الہام ملتا ہے۔ دعا سے ہم خدا تعالیٰ سے کلام کرتے ہیں۔ جب انسان اخلاص اور توجہ اور محبت اور صدق اور صفا کے قدم سے دعا کرتا کرتا فنا کی حالت تک پہنچ جاتا ہے تب وہ زندہ خدا اس پر ظاہر ہوتا ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے"۔ (ایّام الصّلح، روحانی خزائن، جلد14، صفحہ 239)

پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

"دعا کے ذریعہ سے دنیا کی کل حکمتیں ظاہر ہوئی ہیں اور ہر ایک بیت العلم کی کنجی دعا ہی ہے اور کوئی علم و معرفت کا دقیقہ نہیں جو بغیر اس کے ظہور میں آیا ہو"۔ (ایّام الصّلح، روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 230 مطبوعہ لندن)

مزید آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

"اور میں اپنے ذاتی تجربہ سے بھی دیکھ رہا ہوں کہ دعاؤں کی تاثیر آب و آتش کی تاثیر سے بڑھ کر ہے بلکہ **اسبابِ طبیعہ** کے سلسلہ میں کوئی چیز ایسی **عظیم التاثیر** نہیں جیسی کہ دعا ہے"۔ (روحانی خزائن جلد 6، برکات الدّعا صفحہ 11)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک بہت ہی پیاری دعا

"اے میرے قادر خدا! میری عاجزانہ دعائیں سن لے اور اس قوم کے کان اور دل کھول دے اور ہمیں وہ وقت دکھا کہ باطل معبودوں کی پرستش دنیا سے اٹھ جائے اور زمین پر تیری پرستش اخلاص سے کی جائے اور زمین تیرے راستباز اور موحد بندوں سے ایسی بھر جائے جیسا کہ سمندر پانی سے بھرا ہوا ہے اور تیرے رسول کریم ﷺ کی عظمت اور سچائی دلوں میں بیٹھ جائے۔ آمین۔ اے میرے قادر خدا! مجھے یہ تبدیلی دنیا میں دکھا اور میری دعائیں قبول کر جو ہر یک طاقت، قوّت تجھ کو ہے۔ اے قادر خدا! ایسا ہی کر۔ آمین ثم آمین"۔

(تتمہ حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن، جلد 22، صفحہ 603)

پاکیزہ منظوم کلام

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پاکیزہ منظوم کلام

خداتعالیٰ کا شکر اور دعا بزبانِ حضرت امّاں جان

کس زباں سے میں کروں شکر کہاں ہے وہ زباں
کہ میں ناچیز ہوں اور رحم فراواں تیرا

مجھ پہ وہ لطف کیے تو نے جو برتر زخیال
ذات برتر ہے تیری پاک ہے ایواں تیرا

چن لیا تو نے مجھے اپنے مسیحا کے لیے
سب سے پہلے یہ کرم ہے مرے جاناں تیرا

کس کے دل میں یہ ارادے تھے یہ تھی کس کو خبر
کون کہتا تھا کہ یہ بخت ہے رخشاں تیرا

پر میرے پیارے یہی کام ترے ہوتے ہیں
ہے یہی فضل تری شان کے شایاں تیرا

فضل سے اپنے بچا مجھ کو ہر اک آفت سے
صدق سے ہم نے لیا ہاتھ میں داماں تیرا

کوئی ضائع نہیں ہوتا جو ترا طالب ہے
کوئی رسوا نہیں ہوتا جو ہے جویاں تیرا

آسماں پر سے فرشتے بھی مدد کرتے ہیں
کوئی ہو جائے اگر بندۂ فرماں تیرا

(از درِّ ثمین)

سیّدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب

مورخہ 29 جولائی 2006ء بر موقع جلسہ سالانہ برطانیہ

تشہد، تعوّذ، سورۃ الفاتحہ اور سورۃ النّحل کی مَا عِنۡدَکُمۡ یَنۡفَدُ وَ مَا عِنۡدَ اللّٰہِ بَاقٍ ؕ وَ لَنَجۡزِیَنَّ الَّذِیۡنَ صَبَرُوۡۤا اَجۡرَہُمۡ بِاَحۡسَنِ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ۔ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَکَرٍ اَوۡ اُنۡثٰی وَ ہُوَ مُؤۡمِنٌ فَلَنُحۡیِیَنَّہٗ حَیٰوۃً طَیِّبَۃً ۚ وَ لَنَجۡزِیَنَّہُمۡ اَجۡرَہُمۡ بِاَحۡسَنِ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ۔

(النحل:97 – 98)

تلاوت کے بعد امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدّہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ایک احمدی مسلمان عورت اللہ تعالیٰ کے اس احسان پر جتنا بھی شکر کرے کم ہے کہ اس نے یا اسے احمدی گھروں میں پیدا کیا یا احمدیت قبول کرنے کی توفیق دی جہاں اسلام کی حقیقی اور خوبصورت تعلیم کا علم اس زمانے کے امام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعے سے ہوا اور نہ صرف علم ہوا بلکہ قرآنی تعلیم کے عین مطابق آپؑ نے اپنے ماننے والوں کو اس بات کا پابند رہنے کی تلقین فرمائی کہ عورت کا حق اسے دو، اس کی عزّت کرو، اس سے نرمی اور پیار اور محبت سے پیش آؤ۔

ایک موقع پر اللہ تعالیٰ نے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو الہاماً اس بات کی طرف توجہ دلائی کہ اپنے ماننے والے اس خاص صحابی کو جو نیکی و تقویٰ میں خاص مقام رکھتے تھے بیوی پر سختی کرنے سے منع کریں۔ دیکھیں یہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خاص مددگاروں میں سے تھے اور بڑا مقام تھا لیکن بیوی پر سختی کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے توجہ دلائی۔ اللہ کو یہ برداشت نہیں، **اس بات کو اللہ تعالیٰ برداشت نہیں کرسکتا کہ بلاوجہ اس ذات سے سختی کی جائے جسے نسلوں کی تربیت کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اس عورت کو ایک ادنیٰ چیز سمجھا جائے۔ وہ عورت جو مومنہ ہے اور اعمالِ صالحہ بجالانے والی ہے اسے کیوں بلاوجہ سختی کا نشانہ بنایا جائے۔ اس لیے اس کام سے اسے روکو، انہیں سمجھاؤ کہ ایسی عورت سے عزّت و احترام کا سلوک کرو۔** چنانچہ الہام ہوا کہ ”یہ

طریق اچھا نہیں اس سے روک دیا جائے مسلمانوں کے لیڈر عبد الکریم کو"۔(ضمیمہ تحفہ گولڑویہ، روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 75)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ "اس الہام میں تمام جماعت کے لیے تعلیم ہے کہ اپنی بیویوں کے ساتھ رفق اور نرمی کے ساتھ پیش آویں۔ وہ ان کی کنیزیں نہیں ہیں"۔(ضمیمہ تحفہ گولڑویہ، روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 75 حاشیہ)

پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام بعض لوگوں کے بارے میں فرماتے ہیں کہ عورتوں پر ایسی سختی اور پابندی کی ہے کہ ان میں اور حیوانوں میں کوئی فرق نہیں کیا جاسکتا اور کنیزوں اور بہائم سے بھی بدتر ان سے سلوک کرتے ہیں۔ مارتے ہیں تو ایسے بے درد ہو کر کہ کچھ پتہ ہی نہیں کہ آگے کوئی جاندار ہستی ہے یا نہیں۔ غرض بہت ہی بری طرح سلوک کرتے ہیں۔ فرمایا یہ بڑی خطرناک بات ہے اور اسلام کے شعائر کے خلاف ہے۔

پھر آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام مردوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ "یہ مت سمجھو کہ عورتیں ایسی چیزیں ہیں کہ ان کو بہت ذلیل اور حقیر قرار دیا جاوے۔ نہیں، نہیں۔ ہمارے ہادیٔ کامل رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خَیْرُکُمْ خَیْرُکُمْ لِاَھْلِہٖ تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جس کا اپنے اہل کے ساتھ عمدہ سلوک ہو۔ بیوی کے ساتھ جس کا عمدہ چال چلن اور معاشرت اچھی نہیں وہ نیک کہاں؟ دوسروں کے ساتھ نیکی اور بھلائی تب کر سکتا ہے جب وہ اپنی بیوی کے ساتھ عمدہ سلوک کرتا اور عمدہ معاشرت رکھتا ہو"۔(ملفوظات جلد اوّل صفحہ 403۔ایڈیشن 2003ء مطبوعہ ربوہ)

تو یہ ہے اس تعلیم کی ایک جھلک جو اسلام نے ہمیں دی اور جس کی اس زمانے میں پھر نئے سرے سے تعلیم ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دی، ہمیں سمجھایا۔ تو اس خوبصورت تعلیم کی مثالیں آج سے چودہ سو سال پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی ﷺ کے ذریعے سے قائم کروائی تھیں اور اس کی اعلیٰ ترین مثال قائم کرتے ہوئے آپ ﷺ نے اعلان فرمایا تھا کہ میں تم سے سب سے زیادہ بیویوں سے بہترین سلوک کرنے والا ہوں۔ لیکن جیسا کہ اسلام کے دوسرے احکامات اور زمانہ کے گزرنے کے ساتھ ساتھ عمل میں کمی آگئی یہی حال اس حکم کا بھی ہوا اس کی کوئی وقعت نہیں رہی کہ عورت کا خیال رکھو، اس کی عزّت کرو، اس کا احترام کرو، اس کے حقوق ادا کرو کیونکہ ایک نیک اور عمل صالح کرنے والی عورت کا مقام ایسا ہے جس کے پاؤں کے نیچے جنّت ہے۔

پس اس زمانے میں جیسا کہ میں نے کہا عورت کے متعلقہ حکموں پر عمل کرنے میں کمی آگئی ہے اس لیے اس رسول کامل ﷺ کے عاشق صادق اور زمانے کے امام کو اللہ تعالیٰ نے اس امر کی طرف متوجہ فرمایا کہ اپنی جماعت میں عورتوں کے حقوق قائم کرواؤ، اس صنفِ نازک کو جسے آنحضرت ﷺ نے شیشے سے تشبیہ دی ہے، جس کے ساتھ سختی اسے کرچی کرچی کر سکتی ہے، ٹکڑے ٹکڑے کر سکتی ہے۔ جس کے جسم کی بناوٹ نازک ہے، جس کے جذبات کو بھی خدا تعالیٰ نے ایسا بنایا ہے کہ نرمی اور رافت سے پیش آنا چاہیے۔ یہ پسلی کی ہڈی سے مشابہ ہے، اس کی اصل شکل سے ہی فائدہ اٹھاؤ۔ پس آپ کو جب ایسے امام کی جماعت میں شامل ہونے کی توفیق ملی ہے جس کو اس زمانے میں پھر براہِ راست آپ کے حقوق قائم کروانے کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا، پھر آپ کو کس قدر اس خدا کا شکر گزار ہوتے ہوئے اس کے احکامات پر عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جو ہمارے پیدا کرنے والے نے ہمیں دیئے ہیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہم میں جو تبدیلیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں ان کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بے شمار احکامات دیئے ہیں۔ بعض جگہ صرف مومنو! یہ کام کرو کہہ کر مخاطب کیا ہے۔ بعض جگہ عورت، مرد دونوں کو علیحدہ علیحدہ مخاطب کر کے احکامات عطا فرمائے ہیں۔ جہاں بھی یہ حکم ہے کہ اے مومنو! یہ کام کرو، اس سے مراد مرد و عورت دونوں ہیں اور اس بات کی وضاحت بھی فرمادی کہ جو احکامات قرآن مجید میں ہیں وہ تم سب مومن مردوں اور مومن عورتوں پر عائد ہوتے ہیں اس لیے ان کی بجا آوری کی کوشش کرو اور اگر تم یہ اعمال بجالاؤ گے تو اللہ تعالیٰ ہمیشہ کے زندگی بخش انعامات سے نوازے گا جو اس زندگی میں بھی

تمہیں اللہ تعالیٰ کے انعامات سے بھر دیں گے اور آخرت میں بھی جیسا کہ فرماتا ہے: نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُوْنَ۔ (حٰم السّجدہ:32) یعنی ہم اس دنیوی زندگی میں بھی تمہارے ساتھی ہیں اور آخرت میں بھی۔ اس میں تمہارے لیے وہ سب کچھ ہو گا جس کی تمہارے نفس خواہش کرتے ہیں اور اس میں تمہارے لیے وہ سب کچھ ہو گا جو تم طلب کرتے ہو لیکن اس انعام کو مشروط کیا ہے پہلے ایمان لانے اور ثابت قدم رہنے کے ساتھ، اور ثابت قدم رہنے کا یہ مطلب ہے کہ جس کی بیعت میں تم شامل ہو گئے ہو، جس اللہ پر تم نے اپنے ایمان کا دعویٰ کر دیا ہے اس کے حکموں پر عمل کرو اور ایسے عمل کرو جو حقیقی مومنوں کے عمل ہوتے ہیں۔ صالح عمل وہ ہوتے ہیں جو نیک عمل ہوں، نیکی کے راستے پر لے جانے والے ہوں، جو ہر لحاظ سے درست ہوں۔ ایسے عمل جو ایک دوسرے کے حقوق اور واجبات ادا کرنے والے عمل ہوں۔ وہ عمل ہیں جن کی اللہ تعالیٰ نے ہمیں تلقین فرمائی ہے۔ ایسے عمل جو موقع و محل کی مناسبت سے کیے جائیں وہ صالح عمل ہیں۔ ایک بات ایک جگہ جائز ہو سکتی ہے مگر موقع کے مناسب نہیں ہے تو وہ صالح عمل نہیں ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پابندی بھی ہے اور دوسرے کے حقوق ادا کرنے کی پابندی بھی، ایسے پاک عمل اگر ہوں گے تو تبھی وہ مومن کے صالح عمل کہلا سکتے ہیں اور ایسے عمل کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ خوشخبری دیتا ہے فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً (النحل:98) یعنی ہم یقیناً اسے ایک حیاتِ طیبہ کی صورت میں زندہ کر دیں گے۔ ایک ایسی زندگی ان کو ملے گی جو انتہائی پاکیزہ ہو گی۔ **وہ پھر اللہ تعالیٰ کے انعاموں کو سمیٹتی چلی جائے گی اور اعمال کا بدلہ ان اعمال کے مطابق ملے گا جو اس دنیا میں انسان کرتا ہے اور جیسا کہ میں پہلے بتا آیا ہوں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں ایسے مضبوط ایمان والوں اور صالح عمل کرنے والوں کو ان کی خواہش کے مطابق دیتا ہوں۔ پس نیک اور صالح عمل کرو۔ اگر نہیں کرو گے تو یہ دنیا کی چیزیں عارضی ہیں۔ ان چیزوں کو جنہیں اپنی زندگی کی اسباب سمجھتی ہو، مقصد سمجھتی ہو، یہ سب ختم ہونے والی چیزیں ہیں۔**

جو آیات میں نے تلاوت کی ہیں ان میں اللہ تعالیٰ یہی فرماتا ہے کہ جو تمہارے پاس ہے وہ سب ختم ہو جائے گا۔ فرمایا کہ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ جو تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا، جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والی چیز ہے۔

وَ لَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ اور ضرور ہم ان لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا ان کے بہترین اعمال کے مطابق جزا دیں گے جو وہ کیا کرتے تھے۔ اور فرمایا مرد یا عورت میں سے جو بھی نیکیاں بجالائے بشرطیکہ وہ مومن ہو اسے ہم یقیناً ایک حیاتِ طیبہ کی صورت میں زندہ کر دیں گے اور انہیں ضرور ان کا اجر ان کے بہترین اعمال کے مطابق دیں گے جو وہ کرتے رہے۔

پس دیکھیں، سوچیں، کون بیوقوف ہو گا جو ختم ہونے والے سودے تو لے لے اور ہمیشہ رہنے والے سودے کو چھوڑ دے۔ بعض دفعہ دنیا میں نیکیوں پر قائم رہنے کے لیے تنگیوں اور تکلیفوں سے بھی گزرنا پڑتا ہے۔ احکامات پر عمل کرنے کے لیے بظاہر تکالیف بھی برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ دوسروں کے حقوق ادا کرنے کے لیے قربانی کرنی پڑتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تم صبر سے یہ سب چیزیں برداشت کر لو گے تو پھر ہمیشہ کی نعمتوں کے وارث بن جاؤ گے۔ یہ دنیاوی تکلیفیں عارضی ہیں، یہ ختم ہو جائیں گی۔ تمہارے ایمان میں مضبوطی اور عہدِ بیعت کو نبھانے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ بہتری کے حالات پیدا کر دے گا لیکن شرط یہ ہے کہ ابھی بے صبری نہ دکھاؤ ورنہ یاد رکھو یہ بے صبری اللہ تعالیٰ کا اور مومنوں کا تو کچھ نہیں بگاڑ سکتی، تمہیں ہی نقصان پہنچائے گی۔ احکامات پر عمل نہ کر کے جو تم حاصل کرو گے وہ دائمی فائدے کی چیز نہیں ہے۔ اس دنیا میں ہی تم دیکھو گی کہ اس کے بد اثرات ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ پس اللہ کا تقویٰ اختیار کرتے ہوئے نیک اور صالح اعمال بجالاؤ تا کہ اللہ تعالیٰ کے وعدے کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی مصداق بنو کہ وَ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ یعنی انہیں ضرور ان کا اجر ان کے بہترین اعمال کے مطابق دیں گے جو وہ کرتے رہے۔

پس ہر احمدی عورت ہمیشہ اپنے سامنے اس بات کو رکھے کہ اس نے اس زمانے کے لہو و لعب اور چکا چوند اور فیشن اور دنیاداری کے پیچھے نہیں چلنا بلکہ اپنی بقاء کے لیے اپنے آپ کو اس دنیا کی جنّتوں سے حصہ لینے کے لیے اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی دائمی جنّتوں کا وارث بننے کے لیے اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنا ہے، اللہ کے، رسول کے احکامات پر عمل کرنا ہے، زمانے کے جس امام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں شامل ہوئی ہیں ان کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا ہے اور یہی چیزیں ہیں جو آپ کے ساتھ ساتھ آپ کی نسلوں کو بھی ان انعاموں کا وارث بنائیں گی جو اس دنیا میں اللہ تعالیٰ کے وعدے کے مطابق ملنے والے ہیں اور آخرت میں بھی ملنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے وعدے کبھی غلط نہیں ہو سکتے۔ یاد رکھیں یہ شیطان ہے جس نے عہد کیا ہوا ہے کہ میں انسان کو ورغلانے کے لیے ان کی ہر راہ میں بیٹھوں گا اور یہ کام پہلے دن سے ہی کر رہا ہے۔ شیطان مختلف راستوں سے آ کر وسوسے ڈالتا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ شیطان کے وسوسوں سے بچنے کے لیے دعا سکھائی ہے اور اس زمانے میں جو آخرین کا زمانہ ہے، جس میں شیطان نے مختلف صورتوں میں اپنے طرز سے دلوں میں وسوسے ڈال کر حملہ کرنا تھا، ایک احمدی اور خاص طور پر احمدی عورت کو اور احمدی بچی کو جس نے احمدیت کی نسلوں کی بھی حفاظت کرنی ہے، جس پر احمدی نسلوں کی نگرانی کی بھی ذمہ داری اللہ کے رسول ﷺ نے ڈالی ہے، اسے شیطان کے حملوں سے بچنے کے لیے بہت دعائیں کرنی چاہئیں۔ اسے مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ (سورۃ النّاس:5) کی دعا بہت کرنی چاہیے کیوں کہ فی زمانہ دجّالی اور طاغوتی طاقتیں، شیطانی طاقتیں بڑے زور سے ایسے حملے کر رہی ہیں اور اپنی شرارت کر کے، مقصد پورا کر کے دلوں میں وسوسے ڈال کر پیچھے ہٹ جاتی ہیں۔

آج کل کی تعلیم کے حوالے سے بعض نوجوان ذہنوں میں بے چینی شروع ہو جاتی ہے۔ یاد رکھیں آدم اور حوّا کو بھی اسی طرح اسی شیطان نے غلط راستے پر ڈالا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ایک چیز سے منع کیا تو شیطان نے کہا کہ نہیں یہ کام کر کے تم کیونکہ دوسروں سے ممتاز ہو جاؤ گے، فرشتوں کی طرح ہو جاؤ گے اس لیے تمہیں منع کیا گیا ہے۔ آخر انسان اس کے دام میں آ گیا اور نقصان اٹھایا۔ آج بھی شیطان مختلف شکلوں میں آپ کو ورغلا رہا ہے۔ دنیا کی آسائشوں، سہولتوں اور دنیاداری کی طرف مائل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ دنیا کی پُر تعیّش زندگی کی طرف توجہ دلا رہا ہے، توجہ دلا کر ورغلا رہا ہے۔ کبھی علم کے بہانے سے ترغیب دلا رہا ہے کہ یہ علم ضرور حاصل کرو۔ کبھی معاشی حالات کے حوالے سے غلط نوکریوں کی طرف مائل کر رہا ہے اور پھر انہی نوکریوں کی وجہ سے بعض عورتیں اپنے خاوند اور اولاد کے حقوق کو نظر انداز کر دیتی ہیں۔ آدم اور حوّا نے تو جب وہ کام کر لیا جس کی طرف شیطان نے اسے مائل کیا تھا تو پھر انہیں احساس ہوا کہ اوہو! یہ تو بہت برا ہوا ہے ہم تو شیطان کے بہکاوے میں آ گئے۔ اللہ کے حکم سے نافرمانی ان پر ظاہر ہوئی تو ان کو اس نافرمانی کے بد نتائج سامنے نظر آنے لگے تو پھر آدم اور حوّا نے اپنے گناہوں کی معافی مانگی۔ اس بات کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بیان فرمایا ہے کہ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَ نَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَ اَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ۔ (الاعراف:23) یعنی پس اس نے انہیں ایک بڑے دھوکہ سے بہکا دیا۔ پس جب ان دونوں نے اس درخت کو چکھا تو ان کی کمزوریاں ان پر ظاہر ہو گئیں اور وہ دونوں جنّت کے پتّوں میں سے کچھ اپنے اوپر اوڑھنے لگے اور ان کے رب نے ان کو آواز دی کیا میں نے تمہیں اس درخت سے منع نہیں کیا تھا اور تم سے یہ نہیں کہا تھا کہ یقیناً شیطان تمہارا کھلا کھلا دشمن ہے۔

یاد رکھیں بظاہر اچھی نظر آنے والی چیز ضروری نہیں کہ اچھے نتائج پیدا کرے۔ بہت سی ایسی چیزیں ہیں جو بظاہر اچھی لگتی ہیں لیکن بھیانک نتائج ہی ظاہر کر رہی ہوتی ہیں اس لیے اس زندگی میں بڑا پھونک پھونک کر قدم اٹھانا چاہیے۔ اپنی ذمہ داری کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اپنے تقدّس کا احساس کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ سے دعا مانگ کر ہر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اگر بہتر ہے تو اس میں اللہ تعالیٰ مددگار ہو۔ کسی بھی ایسے کام کو جسے اللہ تعالیٰ نے روکا ہے، شیطان ضرور انسان

کو بہکاوے میں لا کر اس سے کروانے کی کوشش کرتا ہے۔ شیطان کے بہکانے کے انداز مختلف ہیں مثلاً نوجوان لڑکیوں کے لیے جو پڑھنے والی لڑکیاں ہیں ان کو کہتا ہے فلاں علم حاصل کرو، علم حاصل کرنا بڑا اچھا کام ہے، بڑا ضروری ہے، حکم ہے ہر مرد و عورت علم حاصل کرے لیکن کسی خاص قسم کے علم کے لیے حالات ایسے ہیں جو لڑکیوں کے لیے مناسب نہیں۔ ایسا انتظام نہیں جہاں ایک احمدی لڑکی کے تقدّس کو مدّ ِنظر رکھتے ہوئے اس کی رہائش کا انتظام ہو سکے۔ ایک مکس (Mix) سوسائٹی ہے۔ اس میں جب احمدی بچی کھلے ملے گی تو بہر حال اس ماحول کا اثر ہو گا۔ اپنے والدین ساتھ قریب نہیں ہوں گی، دور دراز کے ملکوں میں ہو گی۔ اس ماحول کے زیرِ اثر اس کا حجاب اترے گا، بے تکلفیاں بڑھیں گی۔ جو کمزور ہوتی ہیں اور **بعض دفعہ اس ماحول کے زیرِ اثر ایسے خوفناک نتائج بھی سامنے آئے ہیں کہ لڑکی لڑکے کے تعلقات قائم ہو گئے جو اگر عارضی ہیں تو ساری عمر کے لیے بدنامی کا داغ زندگی پر لگ گیا اور وہ خاندان کے لیے بدنامی کا باعث بنتا ہے، ان کے لیے بھی شرم کا باعث بنتا ہے کہ شرمندگی کی وجہ سے اس بچی کے ماں باپ جو ہیں وہ بھی جماعت سے تعلق کم کرتے جاتے ہیں۔** احمدی ماحول سے تعلق کم ہو جاتا ہے جس میں دین کا رجحان ہے اور ایسے لوگوں میں اٹھنا بیٹھنا ہو جاتا ہے جہاں پر مکمل طور پر دنیاداری میں پڑ جاتے ہیں، دوسرے بچے بھی اسی دنیاداری میں ڈوب جاتے ہیں۔ اگر یہ تعلق ایک لڑکے اور لڑکی کا ہے، شادی کی صورت میں ہے تو پھر ایسے نتیجے پر پہنچتا ہے کہ اگر لڑکا احمدی نہ ہو تو پھر آئندہ کی نسل احمدی نہیں رہتی اور یہ احساس کہ ہم نے اپنی جوانی کے جوش میں غلط فیصلہ کیا تھا، شیطان کے بہکاوے میں آ گئے تھے وہ پھر بڑھتا چلا جاتا ہے۔ بعض دفعہ جوش میں ماں باپ کا یا جذبات کا خیال رکھتے ہوئے ماں باپ یہ اظہار کرتے ہیں کہ کوئی فرق نہیں پڑتا غیر مسلم لڑکے سے لڑکی بیاہ دو۔ ایک عرصہ گزرنے کے بعد جب یہ لوگ دین سے بہت دور ہٹ جاتے ہیں پھر یہ احساس دلاتا ہے کہ اوہو! ہم نے بہت برا کیا۔ یہ تو احمدیت کی نسل ہی خراب ہو گئی۔ ایک تو وہ صورت ہے جو میں نے بیان کی کہ ایک عمل کی وجہ سے پورا خاندان ہی شیطان کی گود میں چلا گیا اور دین سے کٹ گیا اور دوسری صورت یہ ہوتی ہے کہ ایک مدّت گزرنے کے بعد بھی جو نتائج سامنے آتے ہیں تو لڑکی کو خود یا اس کے ماں باپ کو احساس ہوتا ہے کہ جوانی کے جوش میں بچوں کے جذبات کا خیال رکھنے کی وجہ سے جو ہم نے یہ کام کیا تھا اس نے تو ہماری نسلوں کو دین اور خدا سے دور پھینک دیا۔

تو ایک جائز کام ہے تعلیم حاصل کرنا۔ حکم ہے کہ تعلیم حاصل کرو لیکن اس تعلیم کی وجہ سے جو روشن دماغی بعض دفعہ نام دے دیا جاتا ہے ان شرائط پر عمل نہ کرتے ہوئے جو اللہ تعالیٰ نے عورت کے تقدّس کے لیے مقرر فرمائی ہیں۔ شیطان کے وساوس کی وجہ سے جو خود ساختہ اپنے آپ کو ڈھیل دی تھی دینی تعلیم سے ہٹ کر ایک صحیح کام کو ان کے غلط نتائج سامنے آ گئے اور ان غلط نتائج کی وجہ سے یہ جو ایک صحیح عمل ہے ایک غیر صالح عمل ثابت ہو گیا۔ **شادی کرنا بھی ایک حکم ہے لیکن شادی دین سے دور لے جانے والی ثابت ہو تو یہ صالح عمل نہیں ہے۔ اسی طرح احمدی لڑکے بھی جو اپنی شادیوں میں اپنی پسند دیکھ کر غیر مسلموں یا غیر احمدی لڑکیوں سے کرتے ہیں ان کے بھی یہی عمل ہیں۔ اگر انہوں نے شادی کے بعد اپنی بیویوں کو احمدیت و دین پر قائم نہیں کیا تو غیر صالح عمل بن جاتے ہیں۔**

پس ہر جائز کام ہر ایک کے لیے صالح عمل نہیں بن جاتا۔ پس ان باتوں پر ماں باپ کو بھی غور کرنے کی ضرورت ہے اور نوجوان بچیوں اور بچوں کو بھی۔ یہ ایک مثال میں نے دی ہے۔ بعض ایسے واقعات ہو جاتے ہیں جو اس قسم کی صورت حال سامنے آ جاتی ہے۔ ایک انتہا ہے جو اِکّا دُکّا کہیں نظر آتی ہے جیسا کہ میں نے مثال دی ہے لیکن فکر پیدا کرتی ہے اور صرف تعلیمی اداروں میں جا کر ہی نہیں ویسے بھی بعض جگہوں پر کام کرنے کی وجہ سے یا ماحول کی وجہ سے یا دوستیاں پیدا ہونے کی صورت میں ایسے حالات پیدا ہو جاتے ہیں جو احمدی لڑکے اور احمدی لڑکی کو اپنا ماحول چھوڑ کر غیروں میں شادی کرنے پر مجبور کرتے ہیں یا خود اپنے آپ کو مجبور سمجھ رہے ہوتے ہیں۔

بعض احمدی لڑکیاں اپنی آزادی کے حق کے اظہار کے طور پر غیروں سے شادی کر لیتی ہیں۔ دلیل یہ دی جاتی ہے کہ اہلِ کتاب سے شادی کرنے کی اجازت ہے۔ ٹھیک ہے اجازت تو ہے لیکن یہ بھی یاد رکھیں کہ اہلِ کتاب کو اللہ تعالیٰ نے مشرکین کے ساتھ ملا کر کافر بھی قرار دیا

ہے اور یہ بھی ہے ایسے لوگوں سے تعلق قائم کر کے تم اپنی نسلوں کو خراب کرلوگے۔ پس یہ بڑے سوچنے والی باتیں ہیں، بعد میں پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ بعد میں ایسے لوگ خود بھی پریشان ہوتے ہیں اور خط لکھ کر مجھے بھی پریشان کرتے ہیں۔ اس لیے ہمیشہ ایسے فیصلے جذبات کی بجائے دعا سے کرنے چاہئیں اور یہ ازدواجی رشتہ قائم کرنا تو ایسا معاملہ ہے جو بہت سوچ سمجھ کر اور دعا کرکے کرنا چاہیے۔ اس لیے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم جب شادی کرنے لگو تو نہ دولت دیکھو نہ صورت دیکھو، نہ خاندان دیکھو۔ جو دیکھنے کی چیز ہے اور جس پر تمہیں غور کرنا چاہیے وہ دینداری ہے، اسے دیکھو۔

پس اگر یہ معیار بن جائیں تو پھر دیکھیں کس طرح ہمارا معاشرہ مکمل طور پر پاک لوگوں کا معاشرہ بن جاتا ہے۔ **پس ہمیشہ یاد رکھیں کہ ایک احمدی بچی اور ایک احمدی عورت کا ایک تقدّس ہے، اس کی حفاظت اس کا کام ہے۔ کوئی ایسا کام نہ کریں جو دین سے دور لے جانے والا ہو۔ کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے آپ کے تقدّس پر حرف آتا ہو۔ عورتوں کو کام کرنا ہے، یہ منع نہیں ہے مثلاً نوکریاں کرنا، تعلیم حاصل کرنا منع نہیں ہے لیکن جیسا کہ میں نے کہا اگر ایسے کام کریں گی جس سے بد نتائج نکلتے ہوں تو وہ منع ہیں۔ اس لیے ایسے کام کریں، پڑھائی میں ایسی لائن احمدی بچیاں چنیں جو ان کو فائدہ دینے والی ہو اور انسانیت کو بھی فائدہ دینے والی ہو۔ اب مثلاً بعض علم ہیں، جیالوجی ہے یا اس طرح کے اور۔ یہ بڑے مفید علم ہیں لیکن ان کے لیے باہر نکلنا پڑتا ہے۔ ریسرچ کے لیے کئی کئی دن بیابانوں میں پھرنا پڑتا ہے۔ ایسے علم کی بجائے جس میں tour پر جانے کی وجہ سے ہر وقت ماں باپ کو دھڑکا لگا رہے بہتر ہے وہ علم حاصل کیا جائے جسے آنحضرت ﷺ نے پسند فرمایا یعنی علم الابدان اور علم الادیان۔**

احمدی بچیاں پڑھائی میں عموماً ہوشیار ہوتی ہیں۔ انہیں میڈیسن کی تعلیم حاصل کرنی چاہیے اور دین کی تعلیم تو ہر احمدی مرد اور عورت کے لیے لازمی ہے۔ اس سے دنیا کو بھی فائدہ پہنچا سکتی ہے اور اپنی نسلوں کو بھی فائدہ پہنچانے والی ہوگی۔ بچیوں کے لیے زبانیں سیکھنا بڑی اچھی بات ہے، اس سے بہت فائدہ ہوگا۔ جماعت کو بھی فائدہ ہوگا، ترجمہ کرنے والی میسّر آجائیں گی۔ دنیا کو بھی فائدہ ہوگا، آپ کی نسلوں کو بھی فائدہ ہوگا۔ تو بچیوں کو ایسے مضامین لینے چاہئیں جو ان کے لیے، انسانیت کے لیے، آئندہ نسلوں کے لیے فائدہ مند ہوں اور سب سے بڑھ کر دین سیکھنے کی طرف بہت توجہ دینی چاہیے۔ اس سے فضول قسم کی باتیں، دوسروں کا استہزاء اور تمسخر، مجلسوں میں بیٹھ کر باتیں کرنا جو ہے اس سے بھی جان چھوٹ جائے گی۔ دنیاداری کی باتوں اور اپنے پیسے دکھانے یا دوسرے کے بہتر حالات دیکھ کر کڑھنے اور پھر نقصان پہنچانے کی عادتیں بھی ختم ہو جائیں گی۔ اگر ہر احمدی عورت اپنے اندر یہ انقلاب پیدا کرلے کہ اس نے ہر صورت میں اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پابندی کرنی ہے اور اپنے اندر نیک اعمال کو جاری کرنا ہے، صالح اعمال کو جاری کرنا ہے تو آپ دیکھیں گی کہ دنیا میں احمدیت کس تیزی سے پھیلتی ہے، ان شاء اللہ۔

اس وقت دنیا کو ایک خدا کی پہچان کروانے کی ضرورت ہے اور اس میں دنیا کی بقاء ہے۔ اس لیے پہلے اپنے آپ کو اس طرح ڈھالیں کہ آپ کا ہر عمل خالصتاً للہ ہو جائے۔ آپ دنیا کو یہ بتانے والی بن جائیں کہ دیکھو یہ تبدیلی ہمارے اندر اس وجہ سے آئی ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی اس آخری کتاب پر عمل کرنے والی ہیں جو آنحضرت ﷺ پر اللہ تعالیٰ نے اتاری تھی۔ اس لیے اگر تم بھی اپنے خدا سے ملنا چاہتی ہو، اپنے دلوں کی بے چینی دور کرنا چاہتی ہو تو اس طرف آؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔ وہ تمہیں ورغلا رہا ہے۔ تمہیں دنیا کی آسائشیں اور سہولتیں دکھا کر دھوکے میں ڈال رہا ہے۔ تم سمجھتی ہو کہ دنیا تمہارے کسی کام آئے گی۔ یہ دنیاداری کے اعمال تو صرف جہنّم کا راستہ دکھانے والے ہیں۔ جنّت میں جانے اور اس دنیا میں بھی سکونِ قلب حاصل کرنے کے لیے نیک اور صالح اعمال کام آئیں گے۔ تو اس طرح جب آپ دنیا کو پیغام پہنچانے والی ہوں گی تو جہاں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کر رہی ہوں گی وہاں اپنی نسلوں کی بھی ضمانت حاصل کر رہی ہوں گی کہ وہ نیکیوں پر قائم رہنے والی ہیں اور ہمیشہ نیکیوں پر قائم رہنے والی رہیں گی۔ لیکن اس کے لیے جیسا کہ میں نے کہا اور ہمیشہ کہا کرتا ہوں اپنے اندر اعمالِ صالحہ بجالانے کی روح پیدا کرنی بہت ضروری ہے۔ اس لیے اپنی عبادتوں کے

بھی معیار قائم کریں اور اللہ تعالیٰ کے دوسرے احکام کے بھی معیار قائم کریں۔ اب ایک پردہ کا حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عورت کے تقدّس کی حفاظت کے لیے اس کا حکم دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا کہ اپنی زینت ظاہر نہ کیا کریں سوائے اس کے کہ آپ ہی آپ بے اختیار ظاہر ہوتی ہو۔ اس میں ایک تو یہ بتا دیا کہ لباس ایسا ہونا چاہیے جس سے جسم کا ننگ ظاہر نہ ہوتا ہو۔ جین بلاؤز پہن کر جو باہر نکلتی ہیں تو غلط ہے۔ بعض مائیں اپنی بچیوں پر توجہ نہیں دیتیں اور کہتی ہیں ابھی چھوٹی ہے حالانکہ بارہ تیرہ سال کی عمر کے بعد لباس کا بہت زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔

پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اپنی اوڑھنیوں کو اپنے سینوں سے گزار کر ڈھانک کر پہنا کرو۔ پردہ کا ایسا حکم ہے جس کا قرآن کریم میں مختلف زاویوں سے مختلف جگہوں پر ذکر آیا ہے تو احمدی بچیوں اور عورتوں کو اس طرف توجہ دینی چاہیے۔

جن باتوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کھول کر احکام دے دیئے ہیں ان کے عملِ صالح ہونے کے بارے میں تو ایک مومن عورت کے دل میں ذرا بھر شبہ نہیں ہونا چاہیے اور اس کو بجالانے اور اس پر عمل کرنے پر ذرا بھر بھی تردّد نہیں ہونا چاہیے۔

آج کل میں نے دیکھا ہے کہ پاکستان سے جو اسائلم حاصل کر کے یہاں آنے والی اور بعض جلسے پر آنے والی عورتیں بھی پتہ نہیں کس احساسِ کمتری کے تحت ائرپورٹ سے نکلتے ہی نقاب اتار دیتی ہیں اور جو دوپٹے اور سکارف لیتی ہیں وہ بہر حال اس قابل نہیں ہوتے کہ اس سے صحیح طور پر پردہ ہو سکے۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد یہ سر سے ڈھلک رہا ہوتا ہے۔ پھر میک اَپ بھی کیا ہوتا ہے۔ اگر ایک عورت مثلاً ڈاکٹر یا کسی اور پیشے میں ہے اور اپنے پیشے کے لحاظ سے ہر وقت اس کے لیے نقاب سامنے رکھنا مشکل ہے تو وہ ایسا سکارف لے سکتی ہے جس سے چہرے کا زیادہ سے زیادہ پردہ ہو سکے اور اس کے کام میں بھی روک نہ پڑے لیکن ایسی صورت میں پھر بھرپور میک اَپ بھی چہرہ کا نہیں ہونا چاہیے۔ لیکن ایک عورت جو خانہ دار خاتون ہے، پاکستان سے پردہ کرتی یہاں آئی ہے، یہاں آکر نقاب اتار دے اور میک اَپ بھی کرے تو یہ عمل کسی طرح بھی صالح عمل نہیں کہلا سکتا۔ ایسی عورت کے بارے میں یہی سوچا جا سکتا ہے کہ وہ دین کو دنیا پر مقدّم کرنے کی بجائے دنیا کو دین پر مقدّم کر رہی ہے، ماحول سے متأثر زیادہ ہو رہی ہے بلکہ بعض دفعہ شرم آتی ہے یہ دیکھ کر کہ یہاں یورپ کے ماحول میں پلی بچیاں جو ہیں، عورتیں جو ہیں وہ ان پاکستان سے آنے والی عورتوں سے زیادہ بہتر پردہ کر رہی ہوتی ہیں۔ ان لوگوں سے جو پاکستان یا ہندوستان سے آئی ہیں ان کے لباس اکثر کے بہتر ہوتے ہیں۔ وہاں جو برقعہ پہن رہی ہوتی ہیں اگر تو وہ مردوں کے حکم پر اتار رہی ہوتی ہیں تب بھی غلط کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے واضح احکامات کے خلاف مردوں کے کسی حکم کو ماننے کی ضرورت نہیں اور اگر یہ عورتیں خود ایسا کر رہی ہیں تو مردوں کے لیے بھی قابلِ شرم بات ہے۔ ان کو تو انہیں کہنا چاہیے تھا کہ تمہارا ایک احمدی عورت کا تقدّس ہے اس کی حفاظت کرو، نہ کہ اس کے پردے اتر واؤ۔ پس ہر قسم کے کمپلیکس سے آزاد ہو کر مردوں اور عورتوں دونوں کو پاک ہو کر یہ عمل کرنا چاہیے اور اپنے پردوں کی حفاظت کریں۔ ایسی عورتیں اور ایسے مردوں کو اس بات سے ہی نمونہ پکڑنا چاہیے کہ غیر مذاہب سے احمدیت میں داخل ہونے والی عورتیں تو اپنے لباس کو حیادار بنا رہی ہیں، جن کے لباس اترے ہوئے ہیں وہ ڈھکے ہوئے لباس پہن رہی ہیں اور احکامات پر عمل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں اور آپ اس حیادار لباس کو اتار کر ہلکے لباس کی طرف آ رہی ہیں جو آہستہ آہستہ بالکل بے پردہ کر دے گا۔ بجائے اس کے کہ دین کے علم کے آنے کے ساتھ ساتھ روحانیت میں ترقی ہو اور اللہ تعالیٰ کے احکامات پر پہلے سے بڑھ کر پابندی ہو، اس سے دور ہٹنا سوائے اس کے کہ دوبارہ جہالت کے گڑھے میں گرادے اور کچھ نہیں ہو گا۔ پھر ایک حکم کے بعد دوسرے حکم پر عمل کرنے میں سستی پیدا ہو گی، پھر نسلوں میں دین سے دوری پیدا ہو گی جیسا کہ پہلے ہی میں بتا آیا ہوں اور پھر اس طرح آہستہ آہستہ نسلیں بالکل دین سے دور ہٹ جاتی ہیں اور برباد ہو رہی ہوتی ہیں۔

پس کسی بھی حکم کو کم اہمیت کا حکم نہ سمجھیں۔ استغفار کرتے ہوئے اللہ کے آگے جھکیں تا کہ جہاں اپنی دنیا اور عاقبت سنوار رہی ہوں وہاں نئ

آنے والی نسلوں کو بھی ہر قسم کی ٹھوکر سے بچائیں۔ نئی آنے والی، جماعت میں شامل ہونے والیوں کو بھی ٹھوکر سے بچائیں۔ پس جیسا کہ میں نے کہا کہ آپ کے یہ عمل صالح ہی ہوں گے جو تبلیغ کے لحاظ سے بھی اور نئی آنے والیوں اور آپ کی نسلوں کی تربیت کے لحاظ سے بھی آپ کو احمدیت کے لیے مفید وجود بنائیں گے۔ پس آپ سب نوجوان بچیاں بھی اور عورتیں بھی اپنے جائزے لیں اپنے اندر جھانکیں کہ خدا تعالیٰ نے ہمیں کس تعلیم کا پابند کیا ہے، خدا تعالیٰ ہمیں کس تعلیم کا پابند کرنا چاہتا ہے، ہمارے اندر کیا روح پیدا کرنا چاہتا ہے اور ہم کس حد تک اس پر عمل کر رہی ہیں۔ **حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں آکر عہدِ بیعت کرنے کے بعد کس حد تک اس کو نبھانے کی کوشش کر رہی ہیں۔ اپنی نسلوں میں یہ روح کس حد تک پھونک رہی ہیں کہ آج دنیا کی نجات اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے سے ہے اور آنحضرت ﷺ کے اسوہ پر عمل کرنے سے ہے اور ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ اپنی تمام تر صلاحیتوں پر عمل کرتے ہوئے ہم نے دنیا کو اس طرف لانا ہے تاکہ نیک اعمال کے کی وجہ سے دنیا کے فساد ختم ہوں۔ قرآن کریم ایک مکمل تعلیم ہے اس کو سیکھیں اور اس پر عمل کریں۔** کسی قسم کے احساسِ کمتری میں مبتلا نہ ہوں بلکہ جیسا کہ میں نے کہا کہ اس تعلیم پر عمل کرتے ہوئے دنیا کو اس طرف بلائیں، ایسے عمل دکھائیں تاکہ آپ کے اعلیٰ معیار دیکھ کر غیر عورتیں آپ سے راہنمائی حاصل کریں۔ دنیا کی عورتیں آپ کے پاس یہ سوال لے کر آئیں کہ گو ہم بعض دنیاوی علوم میں آگے بڑھی ہوئی ہیں، بظاہر ہم آزاد ماحول میں اپنی زندگیاں گزار رہی ہیں لیکن اس کے باوجود ہم دل کا سکون اور چین حاصل نہیں کر سکیں۔ ہمارے اندر ایک بے چینی ہے، ہمارے خاندانوں میں بٹوارہ ہے، ایک وقت کے بعد خاوند بیویوں میں اختلافات کی خلیج بڑھتی چلی جاتی ہے جس سے بچے بھی متأثر ہوتے ہیں اور سکون اور یکسوئی سے نہیں رہ سکتے۔ جب کہ تمہارے گھروں کے نقشے ہمارے گھروں سے مختلف نظر آتے ہیں۔ تمہارے گھر ہمیں پر سکون نظر آتے ہیں۔ ہم تمہیں ماڈل سمجھتے ہیں۔ ہمیں بتاؤ کہ ہم یہ سکون کس طرح حاصل کریں۔ یہ غیروں کو آپ کے پاس آکر سوال پوچھنا چاہیے۔ پھر آپ بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو جس مقصد کے لیے پیدا کیا ہے اسے بھول رہی ہو۔ نہ مرد اس پر عمل کر رہے ہیں، نہ عورتیں اس پر عمل کر رہی ہیں اور وہ ہے اس کی عبادت کرنا اور نیک اور صالح اعمال بجا لانا اور یہ تمہیں حقیقی اسلام میں ہی نظر آئے گا۔ عورت کو ہمارے دین نے گھر کا نگران اور خاوند کے گھر کی حفاظت کی ذمہ داری سونپی ہے۔ جب تک تم اللہ تعالیٰ کو نہیں پہچانو گی اور اپنی ذمہ داری کو نہیں سمجھو گی، تمہارے ہاں سکون نہیں پیدا ہو سکتا۔ اور یہ تم لوگ جو اپنے آپ کو بڑا ترقی یافتہ سمجھتے ہو، بھول گئے ہو کہ خدا بھی ہے۔

پس آپ احمدی عورتیں کسی قسم کے احساسِ کمتری کی بجائے احساسِ برتری کی سوچ پیدا کریں۔ اپنی تعلیم کو کامل اور مکمل سمجھیں۔ قرآن کریم کی تعلیم پر پوری توجہ دیں، اس پر کاربند ہوں تو آپ ان شاء اللہ تعالیٰ دنیا کی رہنما کا کردار ادا کریں گی ورنہ اگر صرف اس دنیا کے پیچھے ہی دوڑتی رہیں تو جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وہ سب کچھ ختم ہو جائے گا اور ہاتھ ملتی رہ جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کے مطابق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایسی قومیں عطا فرمائے گا جو اس کام کو آگے بڑھائیں گی لیکن مجھے امید ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ اعزاز ان پرانی نسلوں اور پرانے خاندانوں اور ان احمدی عورتوں کے ہاتھ میں ہی رہے گا جن کو مشکل وقت میں احمدیت قبول کرنے کی سعادت ملی۔ پس آپ لوگ اپنے اندر یہ احساسِ ذمہ داری کبھی ختم نہیں ہونے دیں گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ آپ کو توفیق دے۔ پس اس نعمتِ عظمیٰ کی قدر کریں جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائی ہے تاکہ آپ کا ہر قدم اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے میں آگے سے آگے بڑھتا چلا جانے والا قدم ہو اور آپ اپنے پیچھے ایسی نسل چھوڑ کر جانے والی ہوں جو اگلی نسلوں کے دلوں میں بھی اللہ کے دین کی عظمت پیدا کرنے والی ہوں۔ اللہ کرے کہ ایسا ہی ہو۔

(الفضل انٹرنیشنل 26 جون 2015ء تا 02 جولائی 2015ء)

منظوم کلام حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

خدا اے میرے پیارے خدایا
الٰہ العالمیں ربّ البرایا

ملیک و مالک و خلاّق عالم
رحیم و راحم و بحر العطایا

تری درگہ میں اک امید لے کر
ترا اک بندہ عاصی ہے آیا

وہ خالی ہاتھ ہے ہر پیشکش سے
نہیں لایا وہ ساتھ اپنے ھدایا

جو تو نے دی تھی اس کو طاقت خیر
وہ کر بیٹھا ہے اس کا بھی صفایا

وہ حیوانوں سے بدتر ہو رہا ہے
نہیں تقویٰ میں حاصل کوئی پایا

سمٹ کر بن گئی نیکی سویدا
افق پر چھا گئیں اس کی خطایا

بتاؤں کیا کہ شیطاں نے کہاں سے
کہاں لے جاکے ہے اس کو گرایا

نہیں آرام پل بھر بھی میسر
ہے اس ظالم نے کچھ ایسا ستایا

جہاں کا چپّہ چپّہ دیکھ ڈالا
مگر کوئی ٹھکانا بھی نہ پایا

ہوا مایوس جب چاروں طرف سے
نہ جب کوشش نے اس کو کچھ بنایا

تو ہر پھر کر یہی تدبیر سوجھی
تری تقدیر کا درکھٹ کھٹایا

یہی ہے آرزو اس کی الٰہی
یہی ہے التجا اس کی خدایا

کہ مشرق اور مغرب دیکھ ڈالے
سکوں لیکن کہیں اس نے نہ پایا

تری درگاہ میں وہ آخر الامر
تمنّا دل میں لے کر ہے یہ آیا

تری رحمت کی دیواروں کے اندر
کلام اللہ کا مل جائے سایا

تو وہ دھونی محبّت کی رما کر
جلا دے سب جہالت اور مایا

(از کلام محمود: ص144)



صفاتِ باری تعالیٰ

(سعدیہ جاوید ۔ مجلس بیت النصر)

صفاتِ باری تعالیٰ کا تذکرہ جاری ہے۔ امّہات الصّفات میں تین صفات یعنی الرّب، الرّحمٰن، الرّحیم گذشتہ مضامین میں بیان کئے جاچکے ہیں۔ اصل مقصد تو اس مضمون کا یہ ہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات پر غور کریں اور اپنی روزمرّہ کی زندگی میں ان کو اپنی ذات میں جاری کریں۔ اللہ تعالیٰ کی صحیح محبت کا حق تو اس وقت ہی ادا ہو سکتا ہے جب انسان ان صفات کو اپناتا چلا جائے۔ حقوق اللہ کی ادائیگی کا یہ ایک بہترین طریق ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ فرماتے ہیں ”انسان کو تمام قوّتیں اور طاقتیں صفاتِ باری تعالیٰ کا مظہر بننے کے لئے دی گئی ہیں۔ انسان کے صفاتِ باری کا مظہر بننے کی علامت یہ ہے کہ اس کے وجود میں بھی حسن واحسان کے جلوے نظر آنے لگیں“۔(انوار القرآن جلد اوّل صفحہ 47)

یہ مضمون اللہ تعالیٰ کی صفت ”مالکیت“ کے بارے میں ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ عنہ مَالِک کی تشریح میں فرماتے ہیں ”اللہ تعالیٰ جزا سزا کے وقت کا مالک ہے، شریعت کے وقت کا مالک ہے، فیصلہ کے وقت کا مالک ہے، مذہب کے زمانے کا مالک ہے، نیکی کے زمانے کا مالک ہے، گناہ کے زمانے کا مالک ہے، محاسبہ کے وقت کا مالک ہے، اطاعت کے وقت کا مالک ہے، غلبہ کے وقت کا مالک ہے، خاص اور اہم حالتوں کے وقت کا مالک ہے“۔(تفسیر کبیر جلد اوّل صفحہ 24)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ میں ارشاد فرمایا ”مالک وہ ہے جس سے بندہ اپنا لباس، کھانا، رحمت اور تربیت و پرورش ہر چیز کا طالب ہوتا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ فرمارہا ہے اے میرے بندو! میں تمہارا مالک ہوں، تمہارا کھانا پینا، لباس، جزا سزا، ثواب وجنّت میرے ذمہ ہے۔ پس مالکیت کی صفت سے فیض پانے کے لئے نیک عمل بجالانا، اللہ تعالیٰ کے حکم پر چلنا، اس کی عبادت کی طرف توجہ دینا انتہائی ضروری چیزیں ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث بن سکیں اور یوں مغفرت اور نجات حاصل کرنے والے ہوں“۔(خطبہ جمعہ 9/03/2007)

اللہ تعالیٰ کی صفت مالکیت کے تحت جو اسمائے حسنہ آتے ہیں وہ اس طرح سے ہیں:

اَلْقُدُّوس: ایسی ذات جو تمام اسباب عیوب سے پاک ہو۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے خطبہ جمعہ میں ارشاد فرمایا ”حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اَلْمَلِکُ اَلْقُدُّوْسُ کا مطلب ہے کہ ایسا بادشاہ جو ہر عیب سے پاک بادشاہ ہے اور قدّوس کے ساتھ ملائے بغیر خدا کی ملکیت کچھ سمجھ نہیں آسکتی اور اس کی شان ظاہر کرنے کے لئے لازم ہے کہ ہم اسے قدّوس کے ساتھ اکٹھا ان معنوں میں پڑھیں کہ وہ مالک ہے جو ہر عیب سے پاک ہے۔ یعنی وہ خدا بادشاہ ہے جس پر کوئی عیب، داغ نہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ انسانی بادشاہت عیب سے خالی نہیں“۔(خطباتِ طاہر جلد 14 صفحہ 374)

اَلْعَزِیْزُ: سب پر غالب، جس کے لئے کوئی امر ناممکن نہ ہو۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ”اس دنیا میں ایک قانون صفتِ عزیز کے تحت جاری ہے جس سے خدا تعالیٰ کے غلبہ اور قدرت کا اظہار ہوتا ہے۔ اس قانون کی ہر کوئی پوری پابندی کرتا ہے اور پابندی کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ ملکی قانون کی طرح اس کی خلاف ورزی نہیں ہو سکتی۔ یہ قانون ایک عزیز ہستی پر دلالت کرتا ہے“۔(تفسیرِ کبیر جلد 1 صفحہ 80)

اَلْوَاحِدُ: اس سے مراد تنہا، یگانہ، یکتا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں ”جب اللہ تعالیٰ کے لئے واحد کا لفظ استعمال کیا جائے تو وہاں صفات کی وحدانیت مراد ہوتی ہے کہ وہ صفات میں واحد ہے یعنی اپنی صفات میں کامل ہے اور اس کے سوا کوئی اور وجود نہیں جو صفات کے لحاظ سے کامل ہو“۔(تفسیر کبیر جلد دہم صفحہ 525)

اَلصَّمَدُ: ایسی بالا ہستی جو خود تو کسی کی محتاج نہ ہو مگر باقی سب اس کے محتاج ہوں اور وہ ان کی حاجتیں پوری بھی کرتا ہو۔ صمد وہ ہے جو تمام افعال اور صفات میں کامل ہو، جو سب سے مستغنی ہو، جس میں کوئی عیب نہ ہو۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ”یہ ایسا پاک نام ہے کہ انسان کو اگر اللہ تعالیٰ کے اس نام پر کامل ایمان ہو تو اس کی ساری حاجتوں کے لئے کافی اور سارے دکھوں سے نجات کے سامان ہو جاتے ہیں۔ میں خود اپنے تجربہ سے کہتا ہوں اور اس امر کی فعلی شہادت دیتا ہوں کہ جب صرف اللہ ہی کو محتاج الیہ بنا لیا جاتا ہے تو بہت سے ناجائز ذرائع اور اعمال سے انسان بچ جاتا ہے“۔(حقائق الفرقان جلد چہارم صفحہ 561)

اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ: عظمت والا، بزرگی والا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ”یعنی وہ بہت بڑا ہے اور کوئی چیز نہیں جو اس کے ساتھ مل کر اس کے رتبہ کو بڑھا سکے۔ جو چیز خدا کے ساتھ ملے گی اس کا اپنا رتبہ ہی بڑھے گا نہ کہ خدا کا۔ وہ بہت بلند اور بڑی شان رکھنے والا ہے۔ اَلْعَلِیُّ میں اس کی رفعت اور بلندی کی طرف اور اس کی طاقتوں کی وسعت کی طرف اشارہ کیا ہے“۔

(تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 584)

اَلْمُتَکَبِّرُ: تمام مخلوقی عیوب اور مخلوق کے اوصاف سے مبرّا ہستی۔ ہر طرح کے شرک سے پاک اور بلند و بالا ہے۔ کمال بزرگی کا مالک اور مستحق ہے۔

اَلْقَهَّارُ: غلبہ رکھنے والا، زبردست حکمران۔ طاقتور اور اپنے بندوں پر غالب ہے۔

اَلْفَتَّاحُ: کھولنے والا، مشکل کشائی کرنے والا۔

خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ: سب کشائش کرنے والوں سے بہتر، کھولنے والا، حق کو ظاہر کرنے والا۔

اَلْقَادِرُ: قدرت والا، ہر ایک چیز پر جسے پر وہ چاہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ قادر کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں ”وہ ہر اس چیز پر قادر ہے جو اس کے منشاء کے مطابق ہوتی ہے یعنی خدا تعالیٰ کی قدرت کا اظہار پسندیدہ چیزوں میں ہوتا ہے۔ ناپسندیدہ چیزوں میں نہیں۔ قرآن شریف یہ ہی کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پسندیدہ چیزوں کا اندازہ کرنے والا ہے جو قدیر کے معنی ہیں۔ یعنی ایسے امور کو ظاہر کرنے والا ہے جو اس کے منشاء کو پورا کرتے ہوں“۔
(تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 16)

اَلْکَبِیْرُ: کبیر کا مطلب ایسی ذات جو تمام تدابیر کو چاہے تو توڑ بھی سکتی ہے۔ بزرگ تر، تمام بزرگیوں کا مستحق۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ تحریر فرماتے ہیں ”کبیر کے معنی ہیں کبر والا اور کبر کے معنی ہیں کبیر، عظمت و جبروت والا، اس بڑائی پر دلالت کرتا ہے جس سے دوسروں پر اثر ڈالنے والی بلندی مراد ہو۔ ایسا ہی کبیر میں خدا تعالیٰ کی وہ بڑائی مراد ہے جو بہ نسبت اس کی مخلوق کے ہیں“۔(تفسیر کبیر جلد سوم صفحہ 389)

اَلْوَالِیُ: تمام امور کا متولّی اور سب کا مالک۔

اَلضَّار: اعمالِ بد کے برے نتائج ظاہر کرنے والا، خیر و شر کا مالک۔

اَلْخَافِض: نافرمانوں کو پست کرنے والا، منکرین کو پست کرنے والا۔

اَلْبَاقِی: ایسی ذات جس کو فنا نہیں، لافانی، میرا رب، میرا پروردگار۔

اَلْوَارِث: فناءِ موجودات کے بعد باقی رہنے والی ہستی۔ کل کائنات جو کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کی اس کی فنا کے بعد بھی قائم و دائم رہنے والا۔ میرا رب جو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔

اَلْمُتَوَفِّیْ: وفات دینے والا، طبعی موت مارنے والا۔

اَلْمُمِیْت: مارنے والا، زندگی کو ختم کرنے والا۔

اَلْجَامِع: تمام کمالات کا جامع، تمام مخلوقات کا جمع کرنے والا۔

اَلْجَلِیْل: قہری نشان ظاہر کرنے والا، اپنے انبیاء کی صداقت کے ثابت کرنے کے لئے اور اپنی ہستی کو منوانے کے لئے ہر ایک زمانے میں اس کی یہ شان ظاہر ہوتی ہے۔

اَلْعَدْل: فیصلہ کرنے میں ظلم سے کام نہ لینے والی ذات، کیونکہ خدا تعالیٰ کی ہستی مالک بھی ہے اس لئے وہ دنیا کے مالکوں کی طرح نہیں ہے کہ اپنی رعیت پر صرف عدل سے تو کام لے لیکن رحم کے عنصر کو بالکل بھول جائے۔

اَلْحَکَم: اپنی مخلوق کا صحیح فیصلہ کرنے والا حاکم، سب سے بہتر اور درست فیصلہ کرنے والی ذات۔

اَلْاَوَّل: تمام مخلوقات اور موجودات سے پہلے خدا تعالیٰ کی ذات بابرکت موجود تھی، اس پہلے کوئی نہیں تھا۔

اَلْاٰخِر: ہر ایک چیز کے فنا ہونے کے بعد بھی میرے اللہ کی ذات موجود رہے گی۔

اَلظَّاہِر: یعنی ہر ایک چیز سے اوپر اور غالب وہی ہے، اس کے اوپر کوئی چیز غالب نہیں۔ اس پر کسی بھی وقت کوئی حکمران نہیں۔ ظاہر عرب لغت میں بڑے زور والے کو بھی کو کہتے ہیں اور ظاہر اونچے کو بھی کہتے ہیں۔

اَلْبَاطِن: باطن مخفی کو کہتے ہیں۔ وہ ہر ایک چیز کا خالق ہے اور وہی ہر شے کے بطن میں ہے کیونکہ ہر شے اس کی مخلوق ہے حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "خدا تعالیٰ کی یہ چار صفتیں ہر وقت رہتی ہیں۔ اللہ اوّل ہے اور جس وقت وہ اوّل ہے اسی وقت آخر بھی ہے اور ظاہر بھی ہے اور باطن بھی ہے۔ قرآن کے عجائبات میں سے یہ ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ نے اس کے بنانے کی تاریخ نہیں بتائی۔ دراصل کوئی ہے ہی نہیں۔ آج بھی اللہ اوّل ہے اور آج ہی آخر بھی ہے غرض کہ جس وقت مجھ کو بنا رہا تھا، جتنا حصہ میرا بن چکا تھا، ان سب وقتوں میں میری حفاظت فرما رہا تھا۔

اَلْحَسِیْب: حساب لینے والا، دوسرا معنی یہ بھی ہے کہ کسی چیز کا کافی ہونا، اللہ تعالیٰ جو مالک بھی ہے وہ ہی اپنی مخلوق کی احتیاجات کو پورا بھی کرتا ہے۔ اس کا ایک مطلب محاسبہ کرنے کے بھی ہیں۔ اس کی نعمتوں کی ناشکری کرنا، اس کے احکامات سے روگردانی کرتے چلے جانا، کفر میں بڑھتے جانا، انبیاء کے انکار اور ناحق مخالفت کرنے پر محاسبہ بھی کرے گا۔

سَرِیْعُ الْحِسَاب: جلد حساب کرنے والا، مثلاً کافروں کے بد اعمال کی سزا انہیں جلد دینے کے لیے بھی اور مومنوں کو ان کے اعمالِ صالحہ کی جزا دینے کے لیے بھی یہی اس کی مالکانہ شان ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ عنہ اس صفتِ باری تعالیٰ کی تشریح میں بیان فرماتے ہیں ”سریع الحساب کا مطلب یہ ہے نیکی اور بدی کی جزا میں کوئی دیر نہیں لگتی بلکہ ادھر عمل سرزد ہوتا ہے اور ادھر اس کی جزا ظاہر ہو جاتی ہے یعنی انسان کا ہر عمل اس کے جوارح پر فوراً اثر ڈال دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی اسی سنّت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ ہر کام کا اثر فوراً انسان کے دل پر پڑ جاتا ہے اور یہ بھی ایک قسم کا حساب ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے لیا جاتا ہے۔ تازہ تحقیقات سے بھی یہ ہی ثابت ہوتا ہے کہ کوئی انسانی حرکت ایسی نہیں جو فضا میں محفوظ نہ ہو جاتی ہو۔ پس عمل اور اس کی جزا دو توام بھائی ہیں کہ ایک کے ساتھ دوسرا بھی ظہور میں آجاتا ہے“۔ (تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 447)

اَلشَّہِیْد: حاضر اور نگہبان، نگران بادشاہ، گواہ، یعنی اللہ کی یہ وہ صفت ہے کہ مخلوقات کے ہر حال سے واقف اور مطلع رہنے والی ذات۔ شہادت غیب سے وجود میں آتی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ”شہادت کا لفظ غیب کے بالمقابل بولا جاتا ہے۔ پس غیب اور شہادت کے دو معنی ہیں، شہادت جو لوگ ظاہر کرتے ہوں اور غیب جسے وہ چھپاتے ہوں“۔ (تفسیر کبیر جلد سوم صفحہ 389)

اَلْحَق: سچائی اور صداقت کا سرچشمہ، اپنی ہستی میں ثابت شدہ۔

اَلْقَوِی: توانا، قوّت والا، چونکہ اللہ تعالیٰ کامل قدرت رکھتا ہے اس لئے وہ قوی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یہ صفت قرآن کریم میں دوسری صفات کے ساتھ آئی ہے ”وہ ہی ہے بہت طاقت ور کامل غلبہ والا“۔ (الشّوریٰ: 20)

”یقیناً وہ بہت طاقت ور، سزا دینے میں سخت ہے“۔ (المومن: 23)

اللہ رب العزّت کی یہ تمام صفاتِ حسنہ قرآن کریم میں جابجا آئی ہیں جو اللہ تعالیٰ کی ان چار صفات سے پھوٹ رہی ہیں جو سورۃ الفاتحہ میں ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ”خدا تعالیٰ نے جاندار اشیاء سے اپنی صفاتِ کاملہ کے ظہور کو وابستہ کر دیا ہے اور اس طرح وہ یہ دیکھنا چاہتا ہے کہ کون سا انسان ان صفات سے فائدہ اٹھا کر دوسرے بنی نوع انسان سے زیادہ ترقّی کرتا جاتا ہے۔ انسان صفات الٰہیہ کا مظہر بننے کے لیے پیدا کیا گیا“۔ (تفسیر کبیر جلد سوم صفحہ 149)

خدا تعالیٰ کی ان چاروں صفات کو اپنانے کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ عنہ تحریر فرماتے ہیں ”جس طرح خدا تعالیٰ رب ہے تم بھی رب بنو، جس طرح وہ رحمان ہے تم بھی رحمان بنو، جس طرح وہ رحیم ہے تم بھی رحیم بنو، جس طرح وہ مالک یوم الدّین ہے، تم بھی اندھے قاضی نہ بنو بلکہ مالک یوم الدین بنو۔ اصلاح اور درستی کی اصل غرض تمہارے سامنے رہے۔ خدا تعالیٰ کی طرح رازق بنو، غفّار بنو، ستّار بنو، نیک باتوں اور قوموں اور مُردوں کے لئے مُحی بنو اور بری باتوں اور برے افراد کے لئے ممیت بنو، اسی طرح حفیظ بنو، باسط بنو، قیّوم بنو“۔ (تفسیر کبیر جلد 9 صفحہ 378)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام تحریر فرماتے ہیں ”وہ ایسا کامل خدا ہے جس کی خوبیاں اور کمالات ایسے اعلیٰ اور بلند ہیں کہ اگر موجودات میں سے بوجہ صفاتِ کاملہ ایک خدا کا انتخاب کرنا چاہیں یا دل میں عمدہ سے عمدہ اور اعلیٰ سے اعلیٰ خدا کی صفات فرض کریں تو وہ سب سے اعلیٰ جس بڑھ کر کوئی اعلی نہیں ہو سکتا وہ ہی خدا ہے جس کی پرستش میں ادنیٰ کو شریک کرنا ظلم ہے“۔ (روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 372)

خدا تعالیٰ کی ہستی پر ایمان اور یقین رکھنے کے بعد ہماری یہ نہایت اہم ذمہ داری ہے کہ ہم اس کے احکام پر عمل کریں اور خدا تعالیٰ کی جو صفات قرآن کریم میں بیان ہوئی ہیں ان کو اپنے اندر جاری کریں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اپنی صفات کا صحیح فہم و ادراک ہمیں عطا فرمائے۔ آمین

رسول کریم ﷺ کے معمولات زندگی

(امتہ القدوس قدسیہ – مجلس Drammen)

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

وہ انسانِ کامل ﷺ جب پیدا ہوتا ہے جس کے لیے اللہ تبارک تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے یہ دنیا ہی اس کے لیے بنائی ہے، تو اس کا باپ پہلے ہی دنیا چھوڑ کر جا چکا ہوتا ہے اور چھ سال کے بعد ماں کی ممتا سے بھی محروم ہونے والا وہ بچہ پھر دادا کی پر شفقت چھاؤں تلے، دائی حلیمہ کے زیرِ سایہ عرب کے حالات کے مطابق شہر سے دور دیہات میں اپنے ہم عصر ساتھیوں کے ساتھ زندگی کے دن گزارتا ہے جہاں اس کا کام گاؤں والوں کی بھیڑ بکریاں چرانا، ان کا خیال رکھنا اور اور بس کھانا پینا اور کھیلنا تھا۔

اس زمانے میں پڑھائی لکھائی کا بھی اتنا زور نہیں تھا۔ چند ایک گھرانے ہی اپنے بچوں کو تعلیم دلواتے تھے ورنہ وہ قوم بھی اُمیّ تھی۔ وہ کامل انسان جس کے ذریعہ سے اللہ نے کائنات کے رنگ میں اخلاقِ حسنہ کی آبیاری کرنی تھی اور قیامت تک کے لیے ایک پاک وجود کو نمونہ بنانا تھا اسے بھی اُمیّ ہی رکھا، پھر اس کی خود تربیت کی اور اسے قرآن کا وہ علم دیا کہ جس کے ذریعے اس نے پھر کل عالم کی تربیت کی اور اچھے اخلاق سکھائے اور دنیا کو ایک مکمل ضابطۂ حیات دیا جس پر عمل کرنے والی قوموں کو نجات کی بشارت دی۔

وقت گزرتا گیا اور یہ ننھا بچہ جب اس دیہات کے ماحول سے نکل کر شہر میں اپنے دادا کے پاس آیا تو کچھ ہی عرصہ بعد دادا کا بھی انتقال ہو گیا اور شفیق چچا نے دستِ شفقت رکھتے ہوئے اسے اپنی پناہ میں لے لیا۔ چچا کے ساتھ پھر انہیں دوسرے شہروں میں تجارت کے لیے بھی جانے کا موقع ملا۔ وہیں ایک عیسائی راہب نے ان کو دیکھتے ہی یہ بشارت بھی دی کہ یہ بچہ بڑا ہو کر ایک ایسا بادشاہ بنے گا کہ دور دور تک پہچانا جائے گا کیونکہ جب میں نے اسے دیکھا تو مجھے ایسا نظر آیا کہ درخت اور پودے بھی اسے سجدہ کر رہے ہیں۔ گویا اللہ نے ایسی بشارات عام لوگوں کے ذریعے دینی شروع کر دی تھیں تا کہ نیک فطرت لوگ سمجھ جائیں کہ یہ بچہ کوئی معمولی نہیں ہے۔

آپ ﷺ کی طبیعت شروع سے ہی امن پسند تھی۔ لڑائی جھگڑوں سے دور رہتے اور امن کی کوششوں میں رہتے۔ چنانچہ جب مکہ اور اس کے گرد و نواح کے قبائل کی لڑائیوں سے تنگ آ کر مکہ کے کچھ نوجوانوں نے ایک انجمن بنائی جس کی غرض مظلوموں کی مدد کر کے امن کی فضا قائم کرنا تھا تو رسول کریم ﷺ بڑے شوق سے اس میں شامل ہو گئے، اس انجمن کا نام "حلف الفضول" تھا کیونکہ اس میں شامل ہونے والے تین لوگوں کے نام میں فضل آتا تھا اور انہوں نے ان الفاظ میں قسم کھائی کہ "وہ مظلوم کی مدد کریں گے اور ان کے حق ان کو لے کر دیں گے جب تک کہ سمندر میں ایک قطرہ پانی کا موجود ہے۔ اگر وہ ایسا نہیں کر سکیں گے تو وہ خود اپنے پاس سے مظلوم کا حق ادا کریں گے"۔ (ابن ہشام جلد 1 صفحہ 36)

جوانی تک آپ ﷺ کی دیانتداری، شرافت اور ایمانداری کے چرچے پورے مکہ میں پھیل چکے تھے اور لوگ انگلیاں اٹھا کر کہتے کہ وہ دیکھو ایک سچا انسان جا رہا ہے۔ یعنی عرب کے اس شیطانی، وحشی اور بے حیا معاشرے میں رہ کر بھی اللہ کے فضل نے اس کامل انسان کو ایک نمونے کے طور پر پیش کر دیا تھا اور اسی شہرت کی وجہ سے جب وہ عرب کی مالدار بیوہ کا مالِ تجارت واپس لائے تو مکہ کی اس مالدار چالیس سالہ بیوہ خاتون نے اپنی ملازمہ سے اس خوبرو جوان کی دیانتداری اور خیر خواہی کی تعریف سنی تو طبیعت پر خاص اثر ہوا اور اپنی سہیلی کے ذریعے شادی کا پیغام بھجوا دیا جسے حضرت ابو طالبؓ کے

مشورے سے قبول کر لیا گیا۔ آج صدیوں بعد اسی امت کے خود کو پڑھا لکھا اور ماڈرن کہنے والے معاشرے میں بھی اگر کوئی عورت ایسے شادی کرنا چاہے تو اسے سو طرح کی باتیں کی جاتی ہیں، آوارہ اور آزاد کہا جاتا ہے۔ دونوں طرف کے خاندان والے اس عورت کا جینا حرام کر کے بدنام کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے لیکن اُس جہالت کے زمانے میں بھی بہت برائی کے باوجود یہ ایک اچھی رسم بھی تھی کہ شادی کے لیے عمر کی کوئی قید نہیں ہوتی تھی۔ ہم یہ تو یاد رکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پچیس سال کی عمر میں ایک بیوہ سے شادی کی لیکن ہم آج عملی زندگی میں اس پر عمل کرتے ہوئے ڈرتے ہیں اور اس کے آدھے حصے پر عمل کر کے کہتے ہیں کہ ہم نے سنّت پوری کرلی، لیکن شادی اپنے سے چھوٹی عمر کی لڑکی سے ہی کرتے ہیں۔ اگر کوئی چالیس سال کی بیوہ سے کر بھی لیتا ہے تو اس کو بدنام کر کے جینے کا حق بھی چھین لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقت میں رسول اللہ ﷺ کی سچی تقلید کرنے کی توفیق دے آمین۔

شادی کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنا سارا مال اور غلام آپ ﷺ کے حوالے کر دیا اور آپ ﷺ نے سب سے پہلے غلاموں کو آزاد کیا جن میں زید بن حارثؓ بھی تھے جنہوں نے بعد میں اپنے والدین کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا تھا۔ ان کے دل میں اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کا پیار ڈال دیا تھا اور ان سے جدا ہونا کسی بھی صورت میں گوارا نہ تھا اور یہی محبت دیکھ کر رسول اللہ ﷺ نے انہیں اپنا منہ بولا بیٹا بنا لیا تھا اور یہی زید بن حارثؓ تھے جنہوں نے نبوت کا اعلان سننے کے بعد سب سے پہلے غلاموں میں سے آپ ﷺ کی نبوت کی تائید کی تھی۔

جب آپ ﷺ تیس سال کے ہوئے تو اللہ کی عبادت نے جوش مارا اور شہر کے لوگوں کی شرارتوں، بدکاریوں اور خرابیوں سے متنفّر ہو کر مکہ سے دو تین میل کے فاصلے پر ایک پہاڑی کی ایک چھوٹی سی غار "حرا" میں دو تین دن کا کھانا ساتھ لے جاتے اور خدا تعالیٰ کی دن رات عبادت کرتے۔ یہی وہ نو دس سال کی عبادات کا عرصہ تھا جس میں اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو مربی حالت سے گزار کر نبوّت کے لیے تیار کیا اور پھر پہلی وحی نازل کی اور دنیا کو آپ ﷺ کے ذریعے وہ مکمل ضابطہ ٔحیات دیا جس کا عملی نمونہ ہمیں آپ ﷺ کی زندگی کے شب و روز میں نظر آتا ہے اور آپ ﷺ قرآن کے عین مطابق کہ اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ یعنی اے رسول تو یقیناً اخلاق کے اعلیٰ ترین مقام پر ہے، کا نمونہ بنے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: "آنحضرت ﷺ کی زندگی بہت سادہ تھی اور آپ ﷺ کسی کام کے کرنے کو عار نہیں سمجھتے تھے۔ اونٹ کے لیے چارا خود ڈالتے، گھر کے کام کاج کرتے، اپنی جوتیوں کی مرمت کر لیتے، کپڑے کو پیوند لگاتے، بکری کا دودھ دوہ لیتے۔ خادم کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھانا کھلاتے، آٹا پیستے پیستے اگر وہ تھک جاتا تو اس کی مدد کرتے۔ بازار سے گھر کا سامان اٹھا کر لانے میں شرم محسوس نہ کرتے۔ امیر غریب ہر ایک سے مصافحہ کرتے، سلام میں پہل کرتے۔ اگر کوئی معمولی کھجوروں کی دعوت بھی دیتا تو آپ ﷺ اسے حقیر نہ سمجھتے اور قبول کر لیتے۔ آپ ﷺ نہایت ہمدرد، نرم مزاج اور حلیم الطبع تھے۔ آپ ﷺ کا رہن سہن بڑا صاف ستھرا تھا۔ بشاشت سے پیش آتے۔ تبسّم آپ ﷺ کے چہرے پر جھلکتا رہتا۔ آپ ﷺ زور کا قہقہہ لگا کر نہیں ہنستے تھے۔ خدا کے خوف سے فکر مند رہتے لیکن ترش روئی اور خشکی نام کو نہ تھی۔ منکسر المزاج تھے لیکن اس میں کسی کمزوری، پست ہمتی کا شائبہ تک نہ تھا۔ بڑے سخی تھے لیکن بے جا خرچ سے ہمیشہ بچتے۔ نرم دل، رحیم و کریم تھے۔ ہر مسلمان سے نرمی سے پیش آتے۔ اتنا پیٹ بھر کر نہ کھاتے کہ ڈکار لیتے رہیں۔ کبھی حرص و طمع کے جذبے سے ہاتھ نہ بڑھاتے بلکہ صابر و شاکر اور کم پر قانع رہتے۔ (حدیقۃ الصالحین 37-38)

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنا محاسبہ کریں کہ کیا ہمارے معمولاتِ زندگی اس انسانِ کامل ﷺ کی زندگی کی طرح ہیں جس کے لیے اللہ نے یہ کل کائنات بنائی۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ "چٹائی پر لیٹنے کی وجہ سے آنحضرت ﷺ کے جسم پر نشانات تھے۔ میں نے عرض کیا کہ ہماری جان آپ ﷺ پر فدا ہو، اگر آپ ﷺ اجازت دیں تو ہم اس چٹائی پر کوئی گدیلا وغیرہ بچھا دیں جو آپ ﷺ کو اس کھردرے پن سے بچائے۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: مَا اَنَا وَالدُّنْیَا۔ مجھے دنیاوی لذتوں سے کیا غرض؟ میں تو صرف ایک مسافر کی طرح ہوں جو کچھ دیر ستانے کی غرض سے سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھ جاتا ہے اور پھر اسے چھوڑ کر اپنے سفر پر روانہ ہو جاتا ہے"۔ (حدیقۃ الصالحین صفحہ 67 ایڈیشن 2003ء)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ "آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ مجھے بتلایا گیا ہے کہ میری امّت میں سے ستّر ہزار لوگ ایسے ہیں جو بلا حساب اور ہر قسم کی باز پرس یا سزا کے بغیر جنّت میں داخل ہوں گے۔ ہم اس پر آپس میں مختلف خیالات کا اظہار کرنے لگ گئے کہ ایسے کون سے لوگ ہو سکتے ہیں۔ اس پر حضور ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا "یہ وہ لوگ ہیں جو یقینِ کامل پر قائم ہیں، ہر قسم کے اوہام کے دور میں نہ خود تعویز گنڈے کرتے ہیں اور نہ کراتے ہیں اور نہ بد فال لیتے اور نہ کسی کا برا چاہتے ہیں بلکہ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں"۔ (حدیقۃ الصالحین صفحہ 85)

رسول پاک ﷺ کی ساری زندگی تبلیغ کی وجہ سے بے حد مصروف، دکھ اٹھانے والی، جنگوں کی تیاری اور جنگوں میں مصروفیت میں گزری لیکن پھر بھی اس دوران وہ ذکر الٰہی کرنے اور مسلمانوں کی تربیت کرنے کا موقع نہ جانے دیتے۔ اور اس دوران خود بھی روزانہ ذکر الٰہی میں مشغول رہتے اور فرماتے "وہ گھر جن میں خدا تعالیٰ کا ذکر نہیں ہوتا، ان کی مثال مردہ کی طرح ہے"۔ (حدیقۃ الصالحین صفحہ 91-92)

رسول پاک ﷺ جہاں باجماعت نماز مسجد میں ادا کرتے تھے وہاں روز مرّہ کے معمولات میں گھر میں بھی نوافل، سنّتیں اور قرآن پاک پڑھنے اور رات کی عبادات میں مشغول رہتے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ۔ یعنی اپنے گھر میں بھی قرآن کریم اور نوافل اور سنّتیں پڑھا کرو۔ اسی طرح فرمایا میری قبر کو خانقاہ اور زیارت گاہ نہ بناؤ کہ وہاں آکر سجدے کرو اور چڑھاوے چڑھاؤ۔ پھر فرمایا مجھ پر درود و سلام بھیجا کرو، تمہارا درود و سلام جہاں کہیں بھی تم ہو مجھے پہنچ جاتا ہے"۔ (مسند 2/367)

آج ہم دیکھتے ہیں کہ اپنی امّت کی اتنی فکر کرنے والے کے پیروکار کس طرح جعلی پیروں فقیروں اور ولیوں کی درگاہ پر سجدے بھی کرتے ہیں اور چڑھاوے بھی چڑھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس امّت کو اس شرک اور گناہ سے بچائے۔ آمین

حضرت عبد الرحمان بن ابی قراد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ "آنحضرت ﷺ ایک روز وضو کر رہے تھے کہ آپ ﷺ کے صحابہؓ وضو والا پانی اپنے ہاتھوں اور چہروں پر ملنے لگے۔ یہ دیکھ کر آپ ﷺ نے فرمایا کہ ایسا تم کس سبب سے کر رہے ہو؟ صحابہ کرامؓ نے جواب دیا کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کی وجہ سے۔

اس پر حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے واقعی محبت کرتے ہو اور چاہتے ہو کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ بھی تم سے محبت کرے تو ہمیشہ سچ بولو، جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں کبھی خیانت نہ کرو اور اپنے پڑوسی سے حسن سلوک کرو"۔ (حدیقۃ الصالحین صفحہ 90 – 91)

پس اس سے یہ سبق حاصل ہوتا ہے کہ صرف اس بات پر خوش نہیں ہونا چاہیے کہ ہم امّتِ مسلمہ ہیں یا ہمارا نبی ﷺ سب سے اعلیٰ و ارفع ہے اور وہ ہماری شفاعت بھی کرے گا بلکہ جب تک ہمارے اعمال اور ہمارے اخلاق بالکل رسول اللہ ﷺ کی تعلیم اور آپ ﷺ کے عمل جیسے نہیں ہو جاتے، ہم اس قابل نہیں کہ اللہ ہماری شفاعت کی اجازت دے۔

ہمیں چاہیے کہ ہم اپنا محاسبہ کریں کہ کیا ہمارے معمولاتِ زندگی اس انسانِ کامل ﷺ کی زندگی کی طرح ہیں جس کے لیے اللہ نے یہ کل کائنات بنائی اور دعا ہے کہ اللہ ہمیں اپنے پیارے آقا ﷺ کی تعلیم، تربیت، نصائح، سنّت اور قرآن کی پاک تعلیم پر عمل کرنے والا بنائے کہ ہم شرک، بدعات، تعویز گنڈوں، دوسروں پر ظلم و زیادتی اور فتنہ و فساد کا موجب نہ ہوں۔ آمین

محمدؐ ہی نام اور محمدؐ ہی کام

علیک الصّلوٰۃ علیک السّلام

معرفتِ الٰہی

(طاہرہ زرتشت – مجلس Ullensaker)

معرفت کے لغوی معنے ہیں ”کسی چیز کو پہچاننا، علمِ الٰہی، خداشناسی، قانونِ قدرت سے آگاہی۔

معرفت کا حصول انسان کے لیے ایک لازمی امر ہے۔ یہ کیونکر حاصل ہو سکتی ہے۔ اس کے لیے ہمیں اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کے فرستادہ کے بتائے ہوئے راستہ پر چلنا ہو گا کیونکہ صرف اس کی عظیم ذات ہی ہے جو ہر حاضر اور غائب کا جاننے والا ہے۔

چنانچہ قرآن کریم میں ارشادِ ربّانی ہے: **هُوَ اللّٰهُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَیۡبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشۡرِكُوۡنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ وَ هُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَكِیۡمُ۔** (الحشر:23 – 25)

وہی اللہ ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ غیب کا جاننے والا ہے اور حاضر کا بھی۔ وہی ہے جو بن مانگے دینے والا، بے انتہا رحم کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ وہ بادشاہ ہے، پاک ہے، سلام ہے، امن دینے والا ہے، نگہبان ہے، کامل غلبہ والا ہے، ٹوٹے کام بنانے والا ہے اور کبریائی والا ہے۔ پاک ہے اللہ اُس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔ وہی اللہ ہے جو پیدا کرنے والا، پیدائش کا آغاز کرنے والا اور مصوّر ہے۔ تمام خوبصورت نام اسی کے ہیں۔ اُسی کی تسبیح کر رہا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ کامل غلبہ والا اور صاحبِ حکمت ہے۔

وَقَالَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ وَیۡلَكُمۡ ثَوَابُ اللّٰهِ خَیۡرٌ لِّمَنۡ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا ۚ وَ لَا یُلَقّٰهَاۤ اِلَّا الصّٰبِرُوۡنَ۔ (القصص:81)

اور اُن لوگوں نے جنہیں علم عطا کیا گیا تھا کہا وائے افسوس تم پر! اللہ کا (دیا ہوا) ثواب اُس کے لیے بہت بہتر ہے جو ایمان لایا اور نیک عمل بجا لایا۔ مگر صبر کرنے والوں کے سوا کوئی نہیں جو یہ (معرفت) عطا کیا جائے۔

معرفتِ الٰہی حاصل کرنے والے مقرّبین الٰہی میں شمار ہوتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ہمیں علم حاصل کرنا ہو گا۔ وہ طریقے اختیار کرنے ہوں گے جو اس زمانے کے امام حضرت امام مہدی علیہ السلام نے ہمیں بتائے ہیں آپ فرماتے ہیں:

”پس سچی معرفت اسی کا نام ہے کہ انسان اپنے نفس کو مسلوب اور لاشئ محض سمجھے اور آستانۂ الوہیت پر گر کر انکسار اور عجز کے ساتھ خدا تعالیٰ کے فضل کو طلب کرے۔ اور اس نورِ معرفت کو مانگے جو جذباتِ نفس کو جلا دیتا ہے اور اندر ایک روشنی اور نیکیوں کے لیے قوّت اور حرارت پیدا کرتا ہے“۔ (ملفوظات جلد 7 صفحہ 348)

مقرّبانِ الٰہی کی علامات بیان کرتے ہوئے آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: ”مقرّبین الٰہی کی ایک علامت یہ ہے کہ جب لوگ اپنی راہیں الگ الگ کر لیتے ہیں تب وہ بھیجے جاتے ہیں اور جو ان سے دشمنی اور کینہ رکھتے ہیں اللہ ان کا دشمن بن جاتا ہے۔ یہ ایسے لوگ ہوتے ہیں جن کے اللہ کے ساتھ ایسے مضبوط تعلقات ہوتے ہیں جن میں کوئی نیزہ، بھالا، شمشیر براں اور کوئی نشانے پر بیٹھنے والا تیر رخنہ نہیں ڈال سکتا“۔

”ان کی ایک علامت یہ ہے کہ اللہ ان کے گھروں، کپڑوں، پگڑیوں، قمیصوں، چادروں، ہونٹوں، ہاتھوں اور پیٹھوں میں اور اسی طرح ان کے جملہ اعضاء بدنی میں، ان کے بچے کھچے ٹکڑوں اور اس پانی میں جو ان کے پینے کے بعد بچ جاتا ہے برکت رکھ دیتا ہے اور ان کی کمزوری کے وقت اور اس وقت جب وہ گرے پڑے ہوں وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ ان کی دعائیں قبول کرتا ہے“۔ (عربی سے ترجمہ۔ الفضل یکم دسمبر 2016ء)

اللہ تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنا انسان کی روحانی ترقی کے لیے از حد ضروری ہے۔ تعلق باللہ کے لیے قرآن کریم ہمیں بتاتا ہے کہ علم بہت اہم ہے جیسا کہ مذکورہ بالا آیات میں ارشاد ہے۔ اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے اور اس سے سچا تعلق پیدا کرنے کے لیے چند اہم امور ایسے ہیں جنہیں اپنا کر انسان اس عظیم منزل کو حاصل کر سکتا ہے۔ ان امور میں سے چند درج ذیل ہیں؛

تدبیر

"یاد رکھو تدبیر بھی ایک مخفی عبادت ہے، اس کو حقیر مت سمجھو۔ اسی سے وہ راہ کھُل جاتی ہے جو بدیوں سے نجات پانے کی راہ ہے۔ جو لوگ بدیوں سے بچنے کی تجویز اور تدبیر نہیں کرتے ہیں وہ گویا بدیوں پر راضی ہو جاتے ہیں اور اس طرح پر خدا تعالیٰ ان سے الگ ہو جاتا ہے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ جب انسان نفسِ امّارہ کے پنجہ میں گرفتار ہونے کے باوجود بھی تدبیروں میں لگا ہوا ہوتا ہے تو اس کا نفسِ امّارہ خدا تعالیٰ کے نزدیک لوّامہ ہو جاتا ہے اور ایسی قابلِ قدر تبدیلی پالیتا ہے کہ یا تو وہ امّارہ تھا جو لعنت کے قابل تھا اور یا تدبیر اور تجویز کرنے سے وہی قابلِ لعنت نفسِ امّارہ نفسِ لوّامہ ہو جاتا ہے جس کو یہ شرف حاصل ہے کہ خدا تعالیٰ بھی اس کی قسم کھاتا ہے، یہ کوئی چھوٹا شرف نہیں ہے۔ پس حقیقی تقویٰ اور طہارت کے حاصل کرنے کے واسطے اوّل یہ ضروری شرط ہے کہ جہاں تک بس چلے اور ممکن ہو تدبیر کرو اور بدی سے بچنے کی کوشش کرو۔ بد عادتوں اور بد صحبتوں کو ترک کر دو۔ ان مقامات کو چھوڑ دو جو اس قسم کی تحریکوں کا موجب ہو سکیں۔ جس قدر دنیا میں تدبیر کی راہ کھُلی ہے اس قدر کوشش کرو اور اس سے نہ تھکو، نہ ہٹو"۔ (حوالہ تقریر حضرت مسیح موعود علیہ السلام 29 دسمبر 1904 بتقریب جلسہ سالانہ مسجدِ اقصیٰ قادیان)

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جب بندہ ایک بالشت میرے قریب ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہو جاتا ہوں۔ جب وہ ایک ہاتھ میرے قریب ہوتا ہے تو میں دو ہاتھ اس کے قریب ہو جاتا ہوں اور جب وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں اس کی طرف دوڑتے ہوئے جاتا ہوں"۔

معرفتِ الٰہی حاصل کرنے کے لیے ہمارے پیارے آقا حضرت محمد مصطفٰی ﷺ نے پانچ حکم بیان فرمائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ بن زکریا علیہ السلام کو پانچ باتوں کا حکم دیا تھا اور میں بھی تم کو ان پانچ باتوں کا حکم دیتا ہوں جن کا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے:

1۔ جماعت کے ساتھ رہو

2۔ امامِ وقت کی باتیں سنو

3۔ اور اس کی اطاعت کرو

4۔ دین کی خاطر وطن چھوڑنا پڑے تو وطن چھوڑ دو

5۔ اور اللہ کے راستہ میں جہاد کرو"

اسی طرح رسول مقبول ﷺ نے فرمایا: "ایمان یہ ہے کہ دل سے خدا کی شناخت ہو، زبان سے اس کا اقرار ہو اور اس کے احکام پر عمل ہو"۔

علم

معرفتِ الٰہی کے حصول کے لیے دوسری چیز "علم" ہے۔ جس کے حصول کے لیے قرآن کریم نے بھی ہمیں حکم دیا ہے اور ہمارے آقا محمد مصطفٰی ﷺ نے بھی تاکید فرمائی اور فرمایا: "ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ علم حاصل کرے"۔ (حدیث نمبر 131 حدیقۃ الصالحین)

اسی طرح آپ ﷺ نے دو آدمیوں کا ذکر کیا۔ ان میں سے ایک عابد تھا اور دوسرا عالِم۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ "عالِم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسی میری فضیلت تم میں سے ایک معمولی آدمی پر ہے۔ یعنی دونوں میں بہت بڑا فرق ہے۔ اللہ اور اس کے فرشتے، آسمانوں میں رہنے والے اور زمین میں

رہنے والے، یہاں تک کہ چیونٹی جو بل میں ہے اور مچھلی جو پانی میں ہے یہ سب دعائیں مانگتے ہیں اس شخص کے لئے جو لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دیتا ہے"۔

(حدیث نمبر 138 حدیقۃ الصالحین)

یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے ہی معرفتِ الٰہی حاصل ہوتی ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ "ایک دفعہ آنحضرت ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: "اے لوگو! جنّت کے باغوں میں چرنے کی کوشش کرو"۔ ہم نے عرض کیا "یارسول اللہ! جنّت کے باغ سے کیا مراد ہے؟" آپ ﷺ نے فرمایا "ذکر کی مجالس جنّت کے باغ ہیں"۔ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ "صبح اور شام کے وقت خصوصاً اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو۔ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے اس قدر و منزلت کا علم ہو جو اللہ تعالیٰ کے ہاں اس کی ہے تو وہ یہ دیکھے کہ اللہ تعالیٰ کے متعلق اس کا کیا تصوّر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی ایسی ہی قدر کرتا ہے جیسی اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی ہے"۔ (حدیقۃ الصالحین۔ صفحہ:127 ایڈیشن 2003ء)

دعا اور نماز

معرفتِ الٰہی کو حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ دعا ہے اور اللہ تعالیٰ کے حضور اس کا قرب حاصل کرنے کے لیے دعا کرنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔ لہٰذا معرفتِ الٰہی کے لیے دعا اور نماز پر انحصار کرنا لازمی امر ہے۔

عاجزی اور انکساری

اس زمانہ کے امام حضرت امام مہدی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے مخاطب کر کے فرمایا کہ "تیری عاجزانہ راہیں اس کو پسند آئیں"۔ (تذکرہ صفحہ:595)

بدتر بنو ہر ایک سے اپنے خیال میں

شاید اسی سے دخل ہو دارلوصال میں

(از دُرّ ثمین)

کلمہ طیبہ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْ لُ اللّٰہِ

نہیں کوئی محبوب تیرے سوا | نہیں کوئی مطلوب تیرے سوا

نہیں کوئی مقصود تیرے سوا | نہیں کوئی معبود تیرے سوا

پیارے ترا نام اللہ ہے | خلائق کا تو ہی شہنشاہ ہے

ہر اک عیب سے پاک ہے تیری ذات | ستائش کے قابل ہیں جملہ صفات

کریں تاکہ بندے سعادت وحصول

محمد کو بھیجا بنا کر رسول

(بخار دل۔ ص:۱۲۲)

حفظِ قرآن کی فضیلت

(سدرۃ المنتہیٰ - مجلس نور)

موجودہ دور میں انسان دنیا کی آسائش میں اپنا حقیقی مقصد بھول گیا ہے اور گمراہی کے گڑھے میں دھنستا چلا جا رہا ہے۔ اس وقت صرف قرآن مجید وہ واحد کتاب ہے جس سے فیض حاصل کر کے انسان راہِ راست پر رہ سکتا ہے، نیز اپنی زندگی کو پر امن اور آسان بنا سکتا ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے قرآن مجید سیکھنے اور سکھانے والے لوگوں کو بہترین قرار دیا ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا: ”تم میں سے بہترین وہ ہے جو خود بھی قرآن کریم سیکھتا ہے اور دوسروں کو بھی سکھاتا ہے“۔ (بخاری۔ کتاب فضائل القرآن۔ باب خیرُکم مَن تعلّم القرآن)

ایک موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں میں سب سے غنی قرآن مجید حفظ کرنے والے ہیں جن کے دل میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو محفوظ کر دیا اور ایک اور موقع پر فرمایا کہ یقیناً وہ شخص ایک ویران گھر کی مانند ہے جس کے سینے میں قرآن کریم کا کوئی حصہ محفوظ نہیں۔ (شانِ قرآنِ مجید، تقریر مولوی دوست محمد جلسہ سالانہ ربوہ 1974ء)

جمال و حسنِ قرآں نورِ جانِ ہر مسلماں ہے قمر ہے چاند اَوروں کا ہمارا چاند قرآں ہے

(از دُرِّ ثمین)

اللہ تعالیٰ قرآن مجید کے کامل ہونے کے بارے میں فرماتا ہے: اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَ رَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِ يْنًا۔(المائدہ:4)

کہ آج کے دن میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا ہے اور تم پر میں نے اپنی نعمت تمام کر دی ہے اور میں نے اسلام کو تمہارے لیے دین کے طور پر پسند کر لیا ہے۔

ایک مسلمان کے لیے اس سے بڑھ کر کیا خوش نصیبی ہوگی کہ خدا نے اُس کے لیے وہ کتاب نازل کی جس کو اگر انسان زندگی کا حصہ بنا لے تو کبھی ضائع نہیں ہوگا۔ آج دنیا کے ہر خطّہ پر مسلمان موجود ہیں اور اُن میں حُفاظ بھی موجود ہیں۔ اسلام کے زندہ مذہب ہونے کی یہی نشانی ہے کہ مسلمانوں کے پاس قرآن مجید اپنی اصل حالت میں آج بھی موجود ہے جو اسلام کی شریعت کو مکمل ضابطۂ حیات ہونے کا ثبوت دیتی ہے۔ قرآن مجید واحد الہامی کتاب ہے جس کا لفظ بہ لفظ محفوظ ہے جس طرح وہ نازل ہوا تھا۔ اس لیے قرآن مجید پر سورج کبھی غروب نہیں ہوتا اور نہ کبھی ہوگا۔ ان شاء اللہ

نہ ہو ممتاز کیوں اسلام دنیا بھر کے دینوں میں وہاں مذہب کتابوں میں یہاں قرآن سینوں میں

(حفظِ قرآن کی فضیلت، اہمیت اور برکات)

اپنے تو اپنے غیر بھی اس بات کی تصدیق کرتے ہیں۔ ایک ممتاز مستشرق اپنی کتاب میں قرآن مجید کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ ”تلاوتِ قرآن کریم کا اعجاز یہ ہے کہ متنِ قرآن کریم صدیوں کا سفر طے کرتے ہوئے انتہائی محبت اور خلوص اور وقف کی روح کے ساتھ ایک تواتر سے ہم تک پہنچا ہے۔ لہٰذا اس کے ساتھ نہ تو کسی قدیم چیز جیسا سلوک روا رکھنا درست ہے اور نہ ہی اسے محض تاریخی دستاویز سمجھنا درست ہے۔

درحقیقت حفظ کی خوبی نے اس کتاب کو مسلم تاریخ کے مختلف ادوار میں زندہ وجاوید رکھا ہے اور بنی نوع کے ہاتھ میں نسلاً بعد نسلٍ ایک معتبر چیز تھمادی اور کبھی بھی محض غیر اہم کتابی صورت میں نہیں چھوڑا"۔ (Kenneth Cragg. The Mind of the Quran. London: George Allen & Unwin. 1973, p.26)

آج کے دور میں جہاں ٹیکنالوجی اتنی آگے چلی گئی ہے کہ اُس کے بغیر گزارا ممکن نہیں لگتا وہاں چھوٹے چھوٹے بچے جو موبائل اور ٹیبلٹ پر ہر وقت کھیلتے رہتے ہیں اُن کے لیے یہ نقصان دہ عمل ہے۔ 15 فروری 1901ء کو قادیان کے مدرسہ تعلیم الاسلام کے لڑکوں کا کرکٹ کا میچ تھا۔ حضرت مسیحِ موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایک صاحبزادہ نے بچپن کی معصومیت میں پوچھا کہ اباتم کرکٹ پر نہیں گئے؟ حضوراقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وقت تفسیر لکھنے میں مصروف تھے چنانچہ آپؑ نے فرمایا کہ "وہ تو کھیل کر واپس آجائیں گے مگر میں وہ کرکٹ کھیل رہا ہوں جو قیامت تک قائم رہے گا"۔ (ملفوظات جلد دوم صفحہ 214)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قرآن کی عظیم الشّان حقیقت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ "وہ ایسی کتاب ہے کہ اس میں ہر چیز کی تفصیل ہے اور اس میں آئندہ اور گذشتہ خبریں موجود ہیں"۔ (ترجمہ خطبہ الہامیہ)

اس واقعہ سے ثابت ہے کہ قرآن پر صرف کیا گیا وقت ضائع نہیں جاتا بلکہ انسان کی آخرت بخیر کرنے اور آگ کے عذاب سے بچانے کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ اپنے بچوں کو وقت ضائع کرنے سے بچانے کے لیے اور اُن کی آخرت کے بے شمار انعامات کے راستے کھولنے کے لیے اُن کا قرآن مجید کی طرف لگاؤ بڑھانا چاہیے۔ بے شک قرآن میں بھلائی کا درس ملتا ہے جو انسان کو راہِ راست پر رکھتا ہے۔ حضرت مسیحِ موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے الہام **اَلْخَیْرُ کُلُّہٗ فِی الْقُرْآن** کا ترجمہ یوں کرتے ہیں کہ "تمام خیر اور بھلائی قرآن میں ہے بجز اس کے اور کسی جگہ سے بھلائی نہیں مل سکتی"۔ (تذکرہ ایڈیشن 1929ء صفحہ 90)

قرآن مجید کو حفظ کرنا سنّت ہے۔ حضرت محمد ﷺ کو حضرت جبرائیل نے نزولِ قرآن کے وقت اُن کے دل میں نقش کروایا۔ حضرت محمد ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے صحابہؓ نے بھی بڑی محنت کے ساتھ قرآن کو پڑھا، یاد کیا اور اس کے ہر لفظ پر عمل کرنے کی بھرپور کوشش کرتے تھے۔ قرآن پڑھنے اور یاد کرنے کا یہ سلسلہ صحابہؓ کے بعد تابعین اور پھر تبع تابعین سے لے کر آج تک کے مسلمانوں میں جاری ہے اور تاقیامت یہ سلسلہ جاری رہے گا کیونکہ قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے خود لیا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ**۔ (الحِجر:10)

یقیناً ہم نے ہی اس ذکر (یعنی قرآن) کو نازل کیا اور یقیناً ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثّانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ "مسلمانوں میں حفظِ قرآن کی شروع سے اتنی کثرت پائی جاتی ہے کہ ہر زمانہ میں ایک لاکھ سے دو لاکھ تک حافظ دنیا میں موجود رہا ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ حافظ دنیا میں پائے جاتے ہیں۔ عام طور پر یورپین مصنّف اپنی ناواقفی کی وجہ سے یہ خیال کر لیتے ہیں کہ جبکہ دنیا میں بائبل کا کوئی حافظ نہیں ملتا تو قرآن شریف کا کوئی حافظ کہاں ہو سکتا ہے حالانکہ قرآن کریم کا یہ معجزہ ہے"۔ (دیباچہ تفسیر القرآن صفحہ 276)

قرآن مجید کو سب سے زیادہ حفظ کرنے کے بارے میں ولیم گراہم اپنی کتاب میں لکھتے ہیں جس کا ترجمہ یوں ہے کہ "مذہبی اور غیر مذہبی کتب میں سے قرآن کریم شاید واحد کتاب ہے جو لاکھوں لاکھ لوگوں کے ذریعے مکمل طور پر حفظ کی جاتی رہی"۔

(William Graham. Beyond the Written Word. UK Cambridge University Press. 1993, page.80)

اس کی بہترین مثال یہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن مجید کو اکٹھا کر کے ایک کتاب کی شکل دی اور یہ اس لیے ممکن ہوا کیونکہ صحابہؓ نے قرآن کو حفظ کیا ہوا تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ”آج اگر بائبل کے سارے نسخے جلا دیئے جائیں تو بائبل کے پیرو اس کا بیسواں حصہ بھی دوبارہ جمع نہیں کر سکتے لیکن قرآن مجید کو یہ فخر حاصل ہے کہ اگر سارے نسخے قرآن مجید کے دنیا سے مفقود کر دیئے جائیں تب بھی دو تین دن کے اندر مکمل قرآن مجید موجود ہو سکتا ہے اور بڑے شہر تو الگ رہے، ہم قادیان جیسی چھوٹی بستی میں اسے فوراً حرف بہ حرف لکھوا سکتے ہیں“۔ (تفسیر کبیر، جلد چہارم، صفحہ 18 زیر تفسیر سورۃ الحجر:10)

حضرت محمد ﷺ نے ہر مومن کے لیے لازم قرار دیا ہے کہ قرآن مجید کا کوئی حصہ کم سے کم ضرور یاد کرے کیونکہ روزانہ پانچ نمازوں کے ساتھ تہجد اور نوافل میں بھی سورۃ فاتحہ کے ساتھ قرآن مجید کی دیگر آیات کی تلاوت کرنا بھی ضروری ہوتی ہے۔ (حفظِ قرآن کی فضیلت، اہمیت اور برکات)

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ”وَ لَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَہَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ۔ (القمر:18)

(اور یقیناً ہم نے قرآن کو عمل کے لیے آسان بنایا ہے۔ پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟)

پس اللہ تعالیٰ نے قرآن کو یاد کرنے میں برکت ڈالی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر اُس انسان کا دل کھول دیتا ہے جو قرآن مجید کو حفظ کرنے کی کوشش کرے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ”چونکہ قرآن کریم حفظ کیا جانا تھا اس لیے ضروری تھا کہ یا تو اشعار میں ہوتا یا اشعار سے ملتا جلتا ہوتا۔ قرآن کریم کو اللہ تعالیٰ نے ایسے انداز میں رکھا کہ جس قدر جلدی یہ حفظ ہو سکتا ہے اور کوئی کتاب نہیں ہو سکتی۔ اس کی وجہ توازنِ الفاظ ہی ہے اور پڑھتے وقت ایک قسم کی ربودگی انسان پر طاری ہو جاتی ہے“۔ (انوار العلوم، جلد 11، صفحہ 132)

آپؓ نے یہ بھی فرمایا کہ ”اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو اپنے خاص تصرّف سے ایسے الفاظ اور ایسی ترکیب سے نازل فرمایا ہے کہ وہ سہولت سے حفظ ہو جاتا ہے“۔ (تفسیر کبیر، جلد چہارم، صفحہ:18)

قرآن مجید کو روزانہ تلاوت کا حصہ بنانا چاہیے اور اس کو ہر وقت دلوں میں تازہ رکھنا چاہیے جس کے لیے حفظِ قرآن کی تڑپ ہر احمدی کے دل میں زندہ ہونا ضروری ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ”دوسری چیز جس کی طرف دوستوں کو توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ قرآن کریم حفظ کرنا ہے، یہ نہایت اعلیٰ درجہ کی نیکی ہے“۔ (تقریر فرمودہ 21 جون 1946ء، مشعل راہ جلد اوّل صفحہ 469)

ہمیں قرآن مجید کو غلافوں کی بجائے سینوں میں سجانے کی ضرورت ہے کیونکہ قرآن مجید کو حفظ کرنا نہ صرف باعثِ اعزاز ہے بلکہ موجبِ شرف و افتخار بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ جماعت احمدیہ کا ہر فرد اور اس کی آنے والی نسلیں قرآن مجید کو حفظ کرنے کی ذمہ داری بخوبی نبھانے والی بنیں تاکہ ہر دل قرآن کی روشنی سے منوّر ہو جائے نیز ہم اللہ تعالیٰ کے قرآن کی حفاظت کے وعدہ کو پورا کرنے میں اوّل نمبر کے علمبردار بننے کی سعادت میں حصہ لینے والے بن جائیں۔ آمین

”لجنات حضورِ انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔ جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لیے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔“

بابائے کیمیا جابر ابن حیان

(عطیہ رفعت – مجلس Fredrikstad)

جابر بن حیان مسلم کثیر الجامع شخصیت جغرافیہ دان، ماہر نفسیات، ماہر فلکیات منجم اور ماہر حکیم ہونے کے ساتھ ساتھ تاریخ کے سب سے پہلے کیمیا دان اور عظیم مسلمان سائنس دان تھے جنہوں نے سائنسی نظریات کو دینی عقائد کی طرح اپنایا۔ دنیا آج تک انہیں بابائے کیمیا کے نام سے جانتی ہے۔ اہلِ مغرب انہیں Geber کے نام سے جانتے ہیں جنہیں کیمیا کا بانی مانا جاتا ہے۔

جابر بن حیان کی پیدائش 721ء میں طوس یا خراسان میں ہوئی۔ جابر کا تعلق عرب کے ایک جنوبی حصے ازد سے تھا۔ ان کی پیدائش ان کے والد کی جلاوطنی کے دوران ہوئی، ایک روایت کے مطابق وفات کے بعد ہوئی۔ بہت چھوٹی عمر میں باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا تو ان کی والدہ نے ان کی پرورش اور تعلیم و تربیت کی۔ ہوش سنبھالا تو ماں نے انہیں کوفہ کے مضافات میں اپنے میکے پرورش پانے کے لیے بھیج دیا۔ لہٰذا اچھی تعلیم کا تو سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔

جوان ہونے کے بعد انہوں نے کوفہ ہی میں رہائش اختیار کی۔ ان کا روزگار دواسازی اور دوافروشی تھا۔ اس زمانہ میں کوفہ میں علم و تدریس کے کافی مواقع تھے۔ انہوں نے وہاں امام جعفرؒ کی شاگردی اختیار کی جن کے مدرسے میں مذہب کے ساتھ ساتھ منطق، حکمت اور کیمیا جیسے مضامین پڑھائے جاتے تھے۔ اس وقت کی رائج یونانی تعلیمات نے ان پر گہرے اثرات مرتّب کیے۔ علم حاصل کرنے کے دوران انہوں نے اپنے اردگرد کے لوگوں کو سونا بنانے کے جنون میں مبتلا دیکھا تو خود بھی یہ روش اپنالی۔ کافی تجربات کے باوجود وہ سونا بنانے میں کامیاب تو نہ ہو سکے مگر کیمیا میں حقیقی دلچسپی کی وجہ سے انہوں نے تجربات کا سلسلہ ختم نہ کیا۔ اپنے آبائی گھر میں انہوں نے اپنی تجربہ گاہ تعمیر کی جہاں وہ ہر وقت اپنے تجربات میں مصروف رہتے۔ سونا بنانے کی لگن میں انہوں نے بے شمار حقائق دریافت کیے اور کئی ایجادات کیں۔

جابر نے اپنے علمِ کیمیا کی بنیاد اس نظریہ پر رکھی کہ تمام دھاتوں کے اجزائے ترکیبی گندھک اور پارہ ہیں۔ مختلف حالتوں اور مختلف تناسب میں ان دھاتوں کے اجزائے ترکیبی ملنے سے دیگر دھاتیں بنیں۔ ان کے خیال میں دھاتوں میں فرق کی بنیاد اجزائے ترکیبی نہیں بلکہ ان کی حالت اور تناسب تھا۔ لہٰذا معمولی اور سستی دھاتوں کو سونے میں تبدیل کرنا ممکن تھا۔

جابر کی نظر میں نظریۂ میزان کی حیثیت کلیدی ہے۔ قرآن مجید میں لفظ میزان کئی جگہ آیا ہے، اس سے کائنات کے توازن کے علاوہ دونوں جہان میں اللہ کا عدل اور روزِ قیامت کی جزا سزا بھی مراد ہے۔ کائنات کا ذرّہ ذرّہ میزان کی منہ بولتی تصویر ہے۔ جابر کے نزدیک اعداد اسی توازن کا مظہر ہیں جس کی بنیاد پر دنیا وجود میں آئی اور قائم ہے۔ یوں انیسویں صدی کے یورپی مفکّروں کی طرح جابر بن حیان نے بھی سائنسی نظام کا رشتہ اپنے دینی عقائد کے ساتھ جوڑ لیا تھا۔

جابر قرع النبیق نامی ایک آلہ کے موجد تھے جس کے دو حصے تھے۔ ایک حصہ میں کیمیائی مادوں کو پکایا جاتا اور مرکب سے اٹھنے والے بخارات کو نالی کے ذریعہ آلہ کے دوسرے حصے میں پہنچا کر ٹھنڈا کر لیا جاتا، یوں وہ بخارات دوبارہ مائع شکل اختیا کر لیتے۔ کشیدگی کا یہ عمل کرنے کے لیے آج بھی یہی آلہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا موجودہ نام ریٹارٹ ہے۔

ایک دفعہ کسی تجربہ کے دوران قرع النبیق میں بھورے رنگ کے بخارات اٹھے اور آلہ کے دوسرے حصہ میں جو تانبے کا بنا ہوا تھا جمع ہو گئے۔ حاصل شدہ مادہ اس قدر تیز تھا کہ وہ دھات جل گئی۔ اس مادے کو انہوں نے چاندی کے کٹورے میں ڈالا تو اس میں بھی سوراخ ہو گئے، اس مادہ نے چمڑے کو بھی گلا ڈالا اور اس سے ان کی انگلی بھی جل گئی۔ اس کاٹ دار اور جلانے کی خصوصیت رکھنے والے مادے کو انہوں نے تیزاب کا نام دیا، بعد ازاں انہوں نے سونے کو کاٹ ڈالنے والا تیزاب بھی ایجاد کر لیا۔

انہوں نے لاتعداد تجربات اور متعدد ایجادات کیں۔ الکحل، شورے کے تیزاب (نائٹرک ایسڈ) اور نمک کے تیزاب (ہائیڈروکورک ایسڈ) اور فاسفورس سے دنیا کو پہلی بار متعارف کروایا۔ صنعتی کیمیا میں بھی جابر بن حیان ایک اہم مقام رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنی علمِ کیمیا کی کتابوں میں فولاد بنانے، چمڑے کو رنگنے، خضاب بنانے، دھاتوں کو صاف کرنے، موم جامہ بنانے، شیشہ سازی اور لوہے پر وارنش کرنے کے علاوہ دیگر بہت سی اشیاء بنانے کے طریقے ایجاد کیے۔

جابر سے پہلے مادے کو چار حصوں میں تقسیم کیا جاتا تھا۔ انہوں نے پہلی دفعہ مادے کی تین حصوں میں درجہ بندی کی؛ نباتات، حیوانیات اور معدنیات

ان کی تحریرات میں دو سو سے زیادہ کتب شامل ہیں۔ انہوں نے منطق اور شاعری پر بھی رسالے تصنیف کیے ہیں۔ ان کی چند مشہور کتابیں درج ذیل ہیں؛

- ← کتاب الملک
- ← کتاب الرحمہ
- ← کتاب التجمع
- ← زبیق الشرقی
- ← کتاب الموازین الصغیر

جابر بن حیان کی تمام تصانیف کا ترجمہ لاطینی زبان کے علاوہ دیگر یورپی زبانوں میں بھی ہو چکا ہے۔ تقریباً آٹھ نو سو سال تک کیمیا کے میدان میں وہ تنہا چراغ تھا۔ اٹھارہویں صدی میں جدید کیمیا کے احیاء سے قبل جابر کے نظریات کو ہی حرفِ آخر خیال کیا گیا۔ بطور کیمیا دان ان کا خیال تھا کہ علمِ کیمیا میں تجربہ سب سے اہم ہے۔ انہوں نے عملی طور پر دنیا کو دکھایا کہ کچھ جاننے اور سیکھنے کے لیے مطالعے اور علم کے علاوہ خلوص اور تندہی کے ساتھ تجربات کی بھی ضرورت ہے۔ دوسرے وہ یہ سمجھتے تھے کہ منزلِ مقصود کبھی نہیں آتی، جسے پالیا وہ منزل نہیں۔ اس شعور نے انہیں کائنات کی تحقیق میں آگے ہی آگے بڑھتے جانے کی دھن اور حوصلہ دیا۔

جابر بن حیان کا انتقال 806ء میں دمشق میں ہوا۔

ماخوذ از: جابر بن حیان۔ آزاد دائرۃ المعارف، ویکیپیڈیا https://ur.wikipedia.org

گڑ اور بادام کی کھیر

(سرور مبارک – مجلس نور ستر اند)

اشیاء:

پستہ – 4سے6عدد
بادام – 8سے10عدد
چاول – 1/4 کپ

دودھ – 3 کپ
گڑکی شکر – 4 ٹیبل سپون
الائچی پسی ہوئی – 1/2 ٹیبل سپون

گلاب کا عرق – 1 ٹیبل سپون

ترکیب: چاولوں کو30منٹ کے لیے بھگو دیں۔ پھر خشک کر کے گرائینڈ کر لیں اور آدھا کپ پانی ڈال کر اس کا پیسٹ بنا لیں۔ پستے کی گریاں اور بادام کی گریاں گرم پانی میں بھگو دیں، پھر ان کو چھیل لیں اور چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ لیں۔ ساس پین میں دودھ گرم کریں، اس میں چاولوں کا مکسچر ڈال کر پانچ منٹ پکائیں۔ جب دودھ گاڑھا ہو جائے تو شکر، کٹے ہوئے بادام اور الائچی کا پاوڈر ڈال دیں۔ دودھ میں چمچہ مسلسل چلاتے جائیں۔ جب شکر حل ہو جائے تو چولہے سے اتار لیں اور گلاب کا عرق ڈال دیں۔ کھیر کو ڈش میں نکال کر اس کے اوپر کٹا ہوا پستہ ڈال دیں۔ کھیر کو ٹھنڈا کر کے مہمانوں کو پیش کریں۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

”چونکہ آنحضرت ﷺ افضل الانبیاء اور سب رسولوں سے بہتر اور بزرگ تر تھے اور خدائے تعالیٰ کو منظور تھا کہ جیسے آنحضرت ﷺ اپنے ذاتی جوہر کے روسے فی الواقعہ سب انبیاء کے سردار ہیں ایسا ہی ظاہری خدمات کے روسے بھی ان کا سب سے فائق اور برتر ہونا دنیا پر ظاہر اور روشن ہو جائے اس لیے خدا تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی رسالت کو کافہ بنی آدم کے لیے عام رکھا تا کہ آنحضرت ﷺ کی محنتیں اور کوششیں عام طور پر ظہور میں آویں۔ موسیٰؑ اور ابن مریمؑ کی طرح ایک خاص قوم سے مخصوص نہ ہوں اور تا ہر یک طرف سے اور ہر یک طرف سے اور ہر یک گروہ اور قوم سے تکالیف شاقہ اٹھا کر اس اجر عظیم کے مستحق ٹھہر جائیں جو دوسرے نبیوں کو نہیں ملے گا۔“

(براہین احمدیہ، روحانی خزائن جلد ا صفحہ 653-654)

الرجی، وجوہات اور بچاؤ

(سارہ رفیق ۔ مجلس بیت النصر)

جسمانی مدافعتی نظام میں کسی اندرونی یا بیرونی عنصر کی وجہ سے ردِّ عمل کے طریقے میں تبدیلی آجاتی ہے۔ اس تبدیلی کو الرجی کہتے ہیں۔ یہ تبدیلی مستقل یا عارضی دونوں طرح کی ہو سکتی ہے۔ زیادہ تر الرجی کا باعث بننے والے عنصر کا تدراک کرنے سے الرجی ختم ہو جاتی ہے مگر کبھی کبھی اس کا اثر مستقل ہوتا ہے۔ اس صورت میں متأثر فرد کو اپنا عمومی اندازِ زندگی بدلنا پڑتا ہے اور اس نئی تبدیلی کو خوش آمدید کہنا ہی اس مسئلہ کا مستقل حل ہے۔ مزید یہ کہ اس معاملہ میں متأثرہ فرد کا ضد چھوڑ کر جلد از جلد الرجی کو اپنانا ہی اصل حل ہے۔

وجوہات

الرجی کسی بھی وجہ سے ہو سکتی ہے جیسے، گھاس اور درختوں کی اقسام، جانوروں کے بال، کیڑے، کھانے کی اشیاء، ادویات، گرد و غبار، پھپھوندی (فنگس)، پولن، کیمیکل یا دھات کی الرجی وغیرہ۔

چالیس فیصد سے زیادہ افراد کو زندگی میں کبھی نہ کبھی الرجی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر بھی اس پر اتفاقِ رائے ہے کہ پچھلی ایک دہائی میں اس تناسب میں اضافہ ہوا ہے اور ہمارا اندازِ زندگی، خوراک کی پسند، قدرتی ماحول میں تبدیلی اور کیمیکلز کا زیادہ استعمال اس کی بڑی وجوہات ہیں۔ یہاں ہم الرجی کی دو اقسام کے بارہ میں بات کریں گے کہ کیونکر اندازِ زندگی میں تبدیلی سے اس سے بچا جا سکتا ہے۔

گرد و غبار اور پولن سے الرجی

← ان تمام صفائی کے کیمیکلز کا استعمال کم سے کم کرنا چاہیے جن سے کوئی الرجی ہو۔

← پولن کے ایام میں گھر کی کھڑکیاں اور دروازے بند رکھیں۔ باہر پہننے والے کوٹ وغیرہ بھی روزانہ تبدیل کرنے چاہییں۔

← ویکیوم کلینر (støvsuger) مشین لازمی استعمال کریں مگر اس بات کا خیال کریں کہ اس میں پارٹیکل فلٹر (ہیپا فلٹر) ہو اور poseløs مشین لینے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ اس کے استعمال سے گرد و غبار دوبارہ باہر نہیں آتا اور پولن اور ہلکے پارٹیکل، کیڑے مکوڑے بھی اس کی گرفت سے نہیں بچ پاتے۔

← کھڑکیاں، روشن دان، دیواریں اور ایسے پردہ بھی جن کی دھلائی ممکن نہ ہو اور کپڑے کا فرنیچر بھی ویکیوم کریں۔

← بستروں کی چادریں، رضائی اور تکیہ کے غلاف ہفتہ میں کم از کم دو مرتبہ بدلیں نیز ان پر نئے غلاف ڈالنے سے پہلے ان کو کچھ منٹ ہوا لگنے دیں۔

← سونے کے کمرہ کا درجہ حرارت اٹھارہ ڈگری سینٹی گریڈ تک رکھیں۔ ایسا ہیٹر استعمال کریں جس میں پنکھا نہ ہو۔ پولن اور گرد گرم ہوا کی وجہ سے اڑتے ہیں۔

← جولائی کا مہینہ گھاس کے پولن کا مہینہ ہے، اس مہینہ میں گھاس میں بیٹھنے سے اجتناب کریں۔

کاسمیٹکس مصنوعات سے الرجی

زائد المیعاد (تاریخ گزر جانے والی) مصنوعات بھی بد اثرات کا باعث بنتی ہیں۔ ایسی مصنوعات کے استعمال کی وجہ سے الرجی، مہاسے دانے، مہاسے اور انفیکشن ہو سکتے ہیں۔ الرجک کونٹیکٹ ڈرماٹائیٹس ناروے میں ایک عام بیماری ہے۔

ناروے میں ملنے والی تمام مصنوعات پر استعمال کرنے کی ایک خاص مدت میعاد تحریر ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کمپنی کے مطابق اس مخصوص مدّت تک یہ پروڈکٹ قابل استعمال ہے۔ تاریخ کے لیے ایک مخصوص نشان ہوتا ہے۔

(بہت سی مصنوعات کے آخر پر یا نیچے ایک کھلے ہوئے ڈھکن کی ڈرائنگ ہوتی ہے جس پر کوئی نمبر تحریر ہوتا ہے) اس کا مطلب ہے کہ پہلی دفعہ ڈھکن کھولنے کے بعد یہ دیے گئے (یعنی بارہ سے چوبیس) مہینہ تک قابلِ استعمال ہے چاہے وہ ڈھکن صرف خوشبو محسوس کرنے کے لیے ہی کھولا ہو اور پروڈکٹ استعمال نہ کی ہو۔

- ← ایک عام فہم اصطلاح میں مصنوعات جن کی خوشبو، رنگ یا ظاہری حالت میں تبدیلی آگئی ہو ان کو ضائع کر دینا چاہیے۔ ظاہری حالت میں تبدیلی کا مطلب ہے کہ پروڈکٹ بہت زیادہ خشک ہو یا پھر پانی اور آئل علیحدہ ہوں۔
- ← منہ پر لگانے والی کریم کی میعاد دوسری مصنوعات کے مقابلہ میں کم ہوتی ہیں۔
- ← باڈی لوشن کی میعادی مدت چھ سے آٹھ مہینہ ہوتی ہے جب کہ منہ پر لگانے والی کریم کی میعاد چار سے چھ مہینہ ہوتی ہے۔
- ← سن سکرین ہر سال لازمی نئی خریدنی چاہیے ورنہ اس کے بچاؤ والے کیمیکل اثر نہیں کرتے اور الٹرا وائلٹ ریز سے نہیں بچاتے۔
- ← مسکارا کی مدت کھولنے کے بعد تین سے چھ ماہ کی ہے تاکہ آنکھ کا انفیکشن نہ ہو۔
- ← آئی لائنر کے استعمال کی مدت تین سال ہے۔
- ← لپ سٹک کی مدت عموماً دو سے تین سال ہوتی ہے لیکن موسمی اثرات کی وجہ سے اس کی میعاد کم ہو جاتی ہے اس لیے اس کی خوشبو، ذائقہ، اور رنگ پر بھی غور کرنا چاہیے۔
- ← فاؤنڈیشن کریم کی عمومی استعمال کی مدت ایک سال کی ہوتی ہے لیکن اگر پاؤڈر فاؤنڈیشن ہے تو زیادہ دیر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔
- ← Rouge یا Blush تین سال تک استعمال کر سکتے ہیں۔
- ← صابن یا شیمپوز زیادہ دیر تک استعمال ہوتے ہیں مگر کھلنے کے بعد چھ ماہ تک قابلِ استعمال ہوتے ہیں پھر ان کے خواص بدل جاتے ہیں۔
- ← میک اپ کے برش اور اسفنج کو ہر استعمال کے بعد دھو کر رکھنا چاہیے اور کسی صورت میں بھی دوسروں کے ساتھ شیئر نہیں کرنا چاہیے۔
- ← کاسمیٹکس کی اشیاء کو کم درجہ حرارت پر رکھنا چاہیے۔

مزید معلومات کے لیے نیچے لنک دیا گیا ہے:

Holdbarhet på kosmetikk skjønnhet og velvære (klikk.no)

آزمودہ گھریلو ٹوٹکے

رات کو ایک کپ دودھ میں دو چمچے شہد ملا کر پی لیں قبض دور ہو جائے گی۔

بعض اوقات چوٹ لگنے سے نیل پڑ جاتا ہے جو بہت بدنما لگتا ہے شہد میں تھوڑا سا نمک ملا کر نیل پر لیپ کرنے سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

دھنک کے رنگ آپ کے سنگ

حدیث نبوی ﷺ ہے:

سیّدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”دعا ایسی مصیبت سے بچانے کے لیے بھی فائدہ دیتی ہے جو نازل ہو چکی ہو اور ایسی مصیبت کے بارہ میں بھی جو ابھی نازل نہ ہوئی ہو۔ پس اے اللہ کے بندو! دعا کو اپنے اوپر لازم کر لو“۔

(ترمذی ابواب الدعوات حدیث نمبر 3548)

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایک دعا

”میں گنہگار ہوں اور کمزور ہوں، تیری دستگیری اور فضل کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا۔ تو آپ رحم فرما۔ مجھے پاک کر کیونکہ تیرے فضل و کرم کے سوا کوئی اور نہیں جو مجھے پاک کرے“۔

(البدر جلد 3 صفحہ 41)



حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے جماعت کو مسکرانے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:

”دنیا تیوریاں چڑھا کے اور سرخ آنکھیں کر کے تمہاری طرف دیکھ رہی ہے۔ تم مسکراتے چہروں سے دنیا کو دیکھو۔ سارے غصے دل سے نکالو اور ساری تلخیاں بھول جاؤ۔ صرف اپنا مقصد سامنے رکھو کہ ہم نے محبت اور پیار سے دنیا کے دل جیتنے ہیں۔ ہمیشہ یاد رکھو کہ ایک احمدی کسی سے دشمنی نہیں کرتا اور نہ کر سکتا ہے کیونکہ اس کے خدا نے اسے پیار کرنے کے لیے اور خدمت کرنے کے لیے پیدا کیا ہے۔ کسی سے دشمنی نہ کرو خواہ وہ ساری عمر تم سے دشمنی کرتا رہا ہو“۔

(حیاتِ ناصر صفحہ 653)



ارشاد حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز:

”ہر قسم کے تکبّر کو ختم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے، سلامتی پھیلانے کی کوشش کرنی چاہیے اور اس کے لیے دعاؤں کی طرف بھی بہت توجہ دینی چاہیے“۔

(خطبہ جمعہ 26 جون 2015ء)

بہترین چیز کیا ہے

(امتہ المنان صابندیم)

بہترین ہمسفر قرآن مجید
بہترین سواری صبر
بہترین ہتھیار دعا

بہترین ٹھکانہ جنّت
بہترین عمل اچھا اخلاق
بہترین پردہ حیا کا

بہترین محبت اللہ کی
بہترین نمونہ حضرت محمد ﷺ کی زندگی
بہترین نیکی دوسروں کو کھانا کھلانا

سب سے اہم اور ضروری اللہ کی ذات پر مضبوط یقین رکھنا

بیماری سے شفایابی کی دعا

ایک وبائی بیماری میں خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ بتایا کہ ان ناموں کا ورد کیا جائے:

"یَا حَفِیْظُ، یَا عَزِیْزُ، یَا رَفِیْقُ"

یعنی اے حفاظت کرنے والے، اے عزّت والے اور غالب، اے دوست اور ساتھی!

فرمایا: "رفیق خدا تعالیٰ کا نیا نام ہے جو کہ اس سے پیشتر اسمائے باری تعالیٰ میں کبھی نہیں آیا"۔

(البدر مؤرخہ 18 ستمبر 1903ء جلد 2، نمبر 53، صفحہ 28)

دانائی کی باتیں

- دوسروں کے پردے رکھنا سیکھو، ان کے عیبوں پر نظر مت رکھو کیونکہ گندگی پر ہمیشہ مکھی ہی بیٹھتی ہے تتلی نہیں، لہٰذا فساد پھیلانے والے مت بنو۔
- دوسروں کے گھر اندھے بن کر جاؤ اور بہرے بن کر نکلو۔
- صبر انسان کی بنیاد ہے۔ نرمی کامیابی کی کنجی ہے۔ سچائی حق کی زبان ہے۔
- سخاوت انسان کی زینت ہے اور موت ایک بے خبر ساتھی ہے۔
- احساس ایک خوبصورت جذبہ ہے۔ اپنی ذات کا احساس انسان کا پہلا حق ہے مگر جو دوسروں کا احساس کرتے ہیں وہ عظیم تر ہوتے ہیں۔
- استغفار کی کثرت رزق کو کھینچ لاتی ہے۔
- نظروں کی حفاظت حکمت، دانائی اور فراست کو کھینچ لاتی ہے۔
- حیا اور پاک دامنی خیروں، بھلائیوں اور برکتوں کو کھینچ لاتی ہے۔

پسندیدہ اشعار

(سرور مبارک)

محمدؐ میرے تن میں مثلِ جاں ہے　　یہ ہے مشہور جاں ہے تو جہاں ہے

(کلام محمود)

تم غیر کو دکھا کے ہمیں قتل کیوں کرو　　ہم کب زباں پہ شکوہ سرِ عام لائے ہیں

(کلام محمود)

ہم نے ہر فضل کے پردے میں اُسی کو پایا　　وہی جلوہ ہمیں مستور نظر آتا ہے

(دُرِّ عدن)

جگ والو کیا چاہت کا یہ رُوپ بھی تم نے دیکھا ہے　　پریمی سُکھ سے سوئیں، پی کو نیند نہ آئے ساری رات

(ہے دستِ دعا مرا)



واقفات کارنر

(نبیلہ چیمہ - از شعبہ واقفات)

واقفاتِ نو کلاس فرانس 10 اکتوبر 2008ء

